مجربات اقبال مرحوم

ٹائیفائڈ بخار

ٹائیفائڈ بخار کا نسخہ نمبر 1۔

1۔ غدی اعصابی اکسیر 500 ملی گرام کا کیپسول دن میں تین مرتبہ دیں۔

2۔ سفوف معدہ و امعاء چار رتی سے ایک ماشہ تک دیں۔ معدہ اور آنتوں کے تمام امراض کے لیے مفید ہے۔

نسخہ غدی اعصابی اکسیر۔ ہڑتال ورقیہ 10 گرام، زنجبیل/سونٹھ 40 گرام، مرچ سیاہ 30 گرام۔ تمام چیزوں کا سفوف بنا لیں۔

سفوف امعاء۔ ہلدی 120 گرام، ملٹھی 80 گرام، سونف 60 گرام، ریوند خطائی 40 گرام، سوڈا بائی کاربونیٹ 30 گرام۔

ٹائیفائڈ بخار کے لیے جوشاندہ۔ خوب کلاں، گلو، گل بنفشہ، گاؤ زبان، انجیر، ہر ایک تین گرام ایک پیالی قہوہ بنا کر صبح و شام استعمال کریں۔

ٹائیفائڈ بخار کا نسخہ نمبر 2۔

نسخہ۔ مغز کرنجوہ 50 گرام، آملہ خشک 15 گرام، چاکسو 15 گرام، ہلیلہ سیاہ 15 گرام، 500 ملی گرام دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد۔ پرانا بخار، کمی یاد داشت، بے خوابی، بلغمی الرجی، بلغمی کینسر، چڑ چڑا پن، سوکڑا، چیچک، خسرہ کے لیے بھروسے کی دواء ہے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

ٹائیفائڈ کے لیے مجرب ترین نسخہ معمول مطب۔

نسخہ۔ طباشیر نقرہ 30 گرام، ست گلو 30 گرام، دانہ الائچی خورد 30 گرام۔

خوراک۔ آدھا چمچ سفوف دن میں تین مرتبہ شربت بزوری سے دیں۔

نسخہ شربت بزوری۔ سونف، سپستاں، گاؤ زبان، بنفشہ، گل نیلوفر، زوفا، ملٹھی ہر ایک 15 گرام، چینی 3 پاؤ۔ چار چمچ ہر خوراک کے ساتھ دیں۔

ملیریا بخار۔

حفاظتی تدبیر کے طور پر مارچ، اپریل، اگست کے مہینوں میں صبح کے وقت تھوڑی سی کونپلیں نیم کے درخت سے استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 1۔ کالی مرچ، افسنتین، کلونجی، چرائتہ۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک گرام سفوف ہمراہ قہوہ اجوائن، پودینہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

نسخہ نمبر 2۔ اجوائن دیسی، سہاگہ بریاں، گلو۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک گرام سفوف دن میں چار مرتبہ دیں۔

اگر باری کا بخار ہو تو بخار سے چار گھنٹہ قبل دو گنا خوراک دے دیں۔

نسخہ نمبر 3۔ اسارون، مغز کرنجوہ، افسنتین۔ سب ہم وزن۔ ایک ہزار ملی گرام کے ایک کیپسول کی پہلی دو خوراکیں ہر گھنٹے بعد جب بخار اتر جائے تو ان شاء اللہ صبح، دوپہر، شام ایک، ایک کیپسول ہفتہ بھر علاج کریں۔

ہیپاٹائٹس

ہیپاٹائٹس نسخہ 1۔

صبح کے وقت آب مولی اور شکر ملا کر ایک گلاس غدی اعصابی ملین صبح، دوپہر، شام جبکہ قبض کی صورت میں غدی اعصابی مسہل۔ خوراک ایک گرام تین مرتبہ ہر روز۔

ہیپاٹائٹس سی اگر پہلے درجے میں ہو تو خسانده برگ نیم 6 گرام، چرائتہ 6 گرام، دھماسہ بوٹی 6 گرام، اجوائن دیسی 6 گرام، بالچھڑ 6 گرام، ایک گلاس پانی میں رات کو بھگو کر صبح استعمال کریں۔

نسخہ۔ زیرہ سفید، ملٹھی، ریوند چینی، سنا مکی، سونٹھ، نوشادر ٹھیکری، میٹھا سوڈا، بسکھپرا/ تخم اٹسٹ۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک چمچ تین مرتبہ ہر روز ہمراہ چار چمچ شربت دینار پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ خوراک اعصابی رکھیں۔

ہیپاٹائٹس نسخہ 2۔

نسخہ۔ قلمی شورہ 50 گرام، جو کھار 50 گرام، کوزہ مصری 50 گرام، طباشیر 20 گرام، الائچی خورد 20 گرام، ست پودینہ 2 گرام، اکیس پڑیاں تیار کریں، صبح، دوپہر، شام سات دن دے کر سات دن وقفہ کریں۔ تین کورس کریں۔ ہزاروں مریضوں پر آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ 100٪ رزلٹ ہے۔

جریان منی اور جریان ودی

اعصابی جریان میں نبض رطوبت سے پر، گہری، سفید قارورہ کثرت سے۔ علاج عضلاتی غدی ہے۔

نسخہ برائے اعصابی جریان۔ کلونجی، رائی، خولنجاں۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ 3 گرام سفوف دن میں تین مرتبہ۔

عضلاتی جریان جو در حقیقت جریان ودی ہے، رنگت میں سفید، لیس دار، لذت کے وقت خارج ہوتی ہے۔ ماحول تبدیل کرنا اصل علاج ہے۔ نماز کی تلقین کریں۔

نسخہ برائے عضلاتی جریان۔ غدی اعصابی ملین 500 گرام، اعصابی غدی تریاق ایک رتی، قسط شیریں 500 ملی گرام دن میں تین مرتبہ دیں۔

مجربات قوت

جوارش پیاز زعفرانی۔ زعفران ایک تولہ، لونگ، جاوتری، عقر قرحا، دار چینی، سونٹھ۔ ہر واحد ایک تولہ شکر 100 گرام، پیاز کے پانی سے نرم کریں۔ 3 سے 6 ماشہ دودھ کے ساتھ صبح، شام دیں۔ مقوی معدہ، فرحت انگیز، مبہی، ممسک، جوانی برقرار، عظم قلب بوجہ اعصابی تحریک کو مفید ہے۔ سلسل بول اور کم ہمتی کے لیے دیں۔

معجون بیضہ مرغ۔ انڈے کی زردیاں 10 عدد، عقر قرحا 2 تولہ، لونگ 2 تولہ، سونٹھ 2 تولہ، خولنجاں 2 تولہ، دار چینی ایک تولہ، شہد 350 گرام، 9 گرام رات کو دودھ سے دیں۔ بائیں فالج میں دیں۔ لو بلڈ پریشر اور بائیں طرف کا لقوہ (جس میں بائیں آنکھ بند نہیں ہوتی) کے لیے مفید ترین دوائی ہے۔

مقوی تیل۔ شنگرف ایک تولہ، ہرتال ورقیہ ایک تولہ، سم الفار/سنکھیا سفید ایک تولہ، گل مدار/آک حسب ضرورت، زردیاں/بیضہ مرغ 12 عدد۔ پہلے تینوں اشیاء کا سفوف بنائیں۔ ہفتہ بھر 8 گھنٹے تک کھرل کرتے رہیں۔ پھر پتال جنتر سے تیل نکال لیں۔ ایک قطرہ 500 گرام، مکھن میں رکھ کر ہر روز دیں۔ دودھ گھی زیادہ ہضم کرتا ہے۔

معجون آرد خرمہ۔ کھجور اعلی قسم، سنگھاڑا، صمغ عربی، ہر واحد آدھ کلو، مغز بادام 150 گرام، مغز فندق 15 گرام، ترنجبین 50 گرام، مغز بنولہ 100 گرام، مغز پستہ 50 گرام، گوکھرو 50 گرام، عقر قرحا 50 گرام، ناگر موتھا 50 گرام، کچلی 50 گرام (گندھک 7 تولہ، پارہ 1 تولہ، چمک ختم ہونے تک کھرل کریں)، شہد خالص تین گنا۔

خوراک۔ 9 گرام دن میں ایک مرتبہ۔ فارما کوپیا طب پاکستان کا مشہور معجون ہے۔ مقوی، مغلظ، اعادہ شباب کرتا ہے۔ لذیذ بھی ہے۔

(طبی ڈائریکٹری عارف دنیا پوری شفیق چشتی مقوی حلوہ صفحہ 213 اعلی درجے کا مقوی ہے)

ذیابیطس/شوگر

شوگر کے لیے نسخہ۔ تخم میتھی 25 گرام، کاسنی کے بیج 50 گرام، کلونجی 100 گرام۔

خوراک۔ تین گرام صبح، دوپہر، شام شوگر کے مریضوں کی جسمانی کمزوری علاج بھنے ہوئے سیاہ چنے ایک کلو، مغز بادام ایک پاؤ، ہلدی 50 گرام، کلونجی 20 گرام، صبح، شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ کمزوری کے علاوہ شوگر بھی قابو میں رہے گی۔

شوگر کے لیے مجرب اعلی نسخہ۔ کلونجی، لوبان، مر مکی ہر واحد ایک تولہ، مصبر سیاہ 5 گرام، ہیرا ہینگ 20 گرام، 500 ملی گرام کا ایک کیپسول روزانہ رات کو لیں۔ اعلی درجے کی دوا ہے۔

کاربنکل/راج پھوڑا، پھوڑے پھنسی کے لیے نسخہ۔

کلونجی، کوڑ تمہ، چرائتہ، تخم سرس، گوند کیکر، کالی مرچ۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک سے تین گرام تک دن میں تین مرتبہ۔

شوگر کے لیے نسخہ۔

گڑ مار بوٹی، سلاجیت، فولاد، جامن کا بیج، تج۔ تمام برابر وزن لیں۔ ہو سکے تو دسواں حصہ افیم بھی ملا لیں۔ تین ماشہ چار مرتبہ روزانہ۔

قولنج کا درد

نسخہ۔ ہیرا ہینگ بریاں 10 گرام، کچلہ مدبر 20 گرام، کجلی 30 گرام، مغز جمال گوٹہ 6 گرام۔ نخودی گولی بنا لیں۔ ایک تا دو گولیاں دن میں چار مرتبہ۔ قولنج، تبخیر معدہ، کثرت ڈکار، موٹاپے کا علاج ہے۔

درد پیٹ

درد پیٹ جو بخار بڑھنے سے ختم ہو جاتا ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔

علاج۔ چار مسہل، مقوی خاص، حب صابر سے علاج کریں۔ پیٹ کا درد عضلاتی تحریک یا غدی تحریک میں بھی ہو سکتا ہے۔ تشخیص سے علاج کریں۔

سنگرہنی

کھانا کھاتے ہی لیٹرین کی حاجت پہلی تحریک اعصابی عضلاتی یا پھر چھٹی تحریک اعصابی غدی علامت ہے۔

نسخہ۔ ہلدی 10 گرام، فولاد 6 گرام، زہر مہرہ خطائی 10 گرام، کالا زیرہ 20 گرام۔

سفوف کی 2 گرام خوراک دن میں چار مرتبہ کھٹی لسی سے دیتے جائیں۔

تبخیر 1۔ پہلی تبخیر بوجہ اعصابی عضلاتی تحریک، معدہ کی جلن، ہوا کا گولا، گڑ گڑا ہٹ، گھبراہٹ، یاد داشت کمزور، خوف، وہم کا شکار ہوتا ہے۔ حب مقوی خاص، حب صابر، ہمراہ قہوہ عضلاتی سے علاج کریں۔

تبخیر 2۔ دوسری تبخیر بوجہ گرمی خشکی، غصہ، ذکاوت حس، صفرا کی زیادتی، ہاتھ پاوں کی جلن، گھبراہٹ، گرمی کا احساس۔ سجی کھار 20 گرام، سہاگہ 20 گرام، الائچی کلاں 40 گرام، چینی 25 گرام، میٹھا سوڈا 10 گرام، خوراک 2 گرام چہار مرتبہ روزانہ۔

تبخیر 3۔ تیسری تبخیر خشک سرد کیفیت میں ہوتی ہے۔ نیند کم، خشکی، ریاح، رنگ سیاہ، باتونی، قبض ہونا۔ علاج چار مسہل، پانچ ہاضم، دیسی گھی میں بادام جلا لیں اور مالش کریں، پیٹ پر نمکین حلوہ باندھیں۔

قبض

اعصابی قبض۔ ہیضہ جیسی کیفیت، کمی بھوک، قوت ہاضمہ کمزور، قبض، گہری نبض، لو بلڈ پریشر، جسم نرم، چہرہ پیلا، غذا پیٹ میں رک کر متعفن ہو جاتی ہے۔ عضلاتی دوا سے علاج کریں۔ کالا دانہ/عشق چیچاں، کالی ہرڑ۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ **خوراک۔** تین گرام صبح، دو پہر، شام دیں۔

عضلاتی قبض۔ پیٹ کسا ہوا، ترش ڈکار، کمی نیند، رنگ سیاہ، چہرہ پر سیاہیاں سر گرم۔ **علاج۔** چار ملین ایک تولہ، چار مسہل دو تولہ، سنا مکی، تیز پات، ہم وزن سفوف تین تولہ ملا لیں۔ **خوراک۔** تین گرام تین مرتبہ یا حسب برداشت جاری رکھیں۔

غدی قبض۔ بار، بار پاخانہ، کٹواں جلن سے، قدرے پتلا پیشاب کم مقدار میں۔

نسخہ۔ سہاگہ بریاں 20 گرام، ملٹھی 30 گرام، گل بنفشہ 30 گرام۔ **خوراک۔** تین گرام تین مرتبہ روزانہ ٹھنڈے دودھ سے۔

تریاق تبخیر شنگرفی۔

شنگرف ایک تولہ، جائفل ایک تولہ، لونگ دو تولہ، دار چینی ایک تولہ عقر قرحا ایک تولہ، مگھاں دو تولہ، سونٹھ دو تولہ۔ پہلے شنگرف، دار چینی ملا کر باریک کریں پھر باقی اشیا ملا کر دو گھنٹے کھرل کریں۔ 250 اور 500 ملی گرام والے کیپسول تیار کر کے رکھ لیں۔ صبح، دوپہر، شام مریض کا وزن اور عمر دیکھ کر تجویز کریں۔ خرابی ماہواری، اعصابی ضعف مردانہ کے لیے فوری اثر دوا ہے۔

تریاق تبخیر ہینگ والا۔

نسخہ۔ جائفل، جاوتری ہر ایک 10 گرام، مگھاں 20 گرام، عقر قرحا 10 گرام، ہینگ 30 گرام، سنبل الطیب 20 گرام، لہسن کا پانی 100 گرام، ایک سے تین ماشہ تک تین مرتبہ روزانہ۔

فوائد۔ بچوں کی مرگی، ڈبہ، تشنج کا فوری علاج۔

عورتوں کے مسائل

حیض کا درد سے آنا۔ یہ ایک عام خرابی ہے۔ گرمی تری مشینی تحریک کے سبب اکثر سوزش خصیتہ الرحم ہوتی ہے۔ اعصابی غدی 6 تریاق ایک رتی تین مرتبہ روزانہ اور ساتھ یہ نسخہ بھی دیں۔ سمندر جھاگ 40 گرام، زیرہ سفید 30 گرام، الائچی خورد 10 گرام۔ سفوف ایک ماشہ سے چار ماشہ تک ہمراہ عرق سونف یا شربت بزوری پینے کو کہیں۔

حیض کا دیر تک آتے رہنا۔ جس کا وقفہ پندرہ یوم بھی ہو سکتا ہے۔ ہلدی، ملٹھی، سونف، گوند کیکر۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ تین گرام سفوف دودھ کے ساتھ تین مرتبہ روزانہ دیں۔ یہ علامات خشکی گرمی کے سبب ہوتی ہے۔ پانچ اکسیر اور چھ تریاق بہترین علاج ہے۔ سکیڑ دور کرنا اصل علاج ہے۔

بندش حیض۔ بندش حیض دو طرح سے ہوتا ہے۔ اعصابی یا غدی۔ اعصابی بندش کے لیے مصبر، مر مکی، رائی، فولاد، ہینگ، کوڑ تمہ، ہر واحد ایک تولہ، ابیل 2 تولہ، زعفران 6 گرام، نخودی گولی ایک عدد سے دو عدد تک دن میں تین مرتبہ دیں۔ غدی بندش کے لیے سمندر جھاگ والا نسخہ جو اوپر درج ہے ایک ماہ تک علاج جاری رکھیں۔

معین حمل 1۔ دو ملین کی دو گولیاں صبح نہار منہ بعد فراغت حیض سات یوم دینے کے بعد سے حمل ہو جاتا ہے۔ برگد کا پھل باریک کر لیں، آدھ چمچ نہار منہ بعد فراغت حیض سات یوم دینا بھی مجرب اعلی ہے۔

معین حمل 2۔ داڑھی پیپل، برادہ دندان فیل۔ برابر سفوف کر لیں۔ بعد فراغت حیض دو ماشہ دن میں تین مرتبہ سات یوم کھلائیں۔ اگر کام نہ بنے تو دوسرے ماہ بھی اسی طرح دیں۔

حب مفید النساء۔ مر مکی، دار چینی، جند بیدستر، مصبر، ہیرا کسیس۔ سب ہم وزن نخودی گولی۔

کیرا۔ غدی اعصابی سوزش ہے۔ ملٹھی، زیرہ سفید، دھنیا، سہاگہ بریاں، گل بنفشہ، ہم وزن آدھا چمچ ہمراہ شربت بزوری دینے سے 15 یوم میں علاج ہو جاتا ہے۔ مولی، گاجر، کدو، ٹینڈے، پیٹھا، دال ماش، دال مونگ کا استعمال بڑھا دیں۔

ضیق النفس/دمہ

اعصابی دمہ۔ عضلات کو حرکت دیں۔ دو ملین تین مرتبہ روزانہ۔ بلغم پک جائے تو حرارت پیدا کرنے کے لیے چار ملین، تریاق تبخیر شنگرفی ایک، ایک گولی دیتے جائیں۔ مستقل حل ہو جاتا ہے۔ وقتی طور پر اذراقی مدبر ایک ماشہ دیں۔

گری بادام دو دانے، منقی 6 دانے، کالی مرچ 5 دانے، دار چینی آدھا انچ کا ٹکڑا منہ میں رکھ کر چبائیں۔ پانچ منٹ میں تمام بلغم خارج ہو جائے گا۔ غذائی علاج ہے۔ اعصابی بلغم والوں کو حقہ پینا منع نہ کریں۔

عضلاتی دمہ۔ خشکی سردی کے سبب پھیپھڑوں کی رفتار تیز، ریاح شکم، قبض، تیز نبض، بلغم کم، اختلاج قلب ہو سکتا ہے۔ علاج کے لیے کشتہ شنگرف 20 گرام، کشتہ بارہ سنگھا 20 گرام، رائی 40 گرام، گھنٹہ بھر کھرل کریں۔ ایک رتی (ایک سو ملی گرام) تک ہمراہ قہوہ اجوائن، پودینہ، تین مرتبہ دیں۔

غدی دمہ۔ گرمی خشکی کے سبب پھیپھڑوں میں تحلیل، ضعف قلب اور سستی پیدا ہو کر سانس میں تنگی، گردوں کے غدی پردہ کی سوزش ہوتی ہے۔ بلغم اور قارورہ زرد، جلن، جی متلانا، مروڑ، 6 تریاق، ایک ملین، جوارش شاہی دیں۔ کشتہ قلعی 30 گرام، کالا سرما 10 گرام، ریٹھا 40 گرام، گھنٹہ بھر کھرل کریں۔ **خوراک۔** ایک رتی تا ایک ماشہ چار مرتبہ روزانہ دیں۔

بواسیر بادی و خونی

دونوں کا مزاج خشک ہے۔ کبھی خشکی سردی کے ساتھ کبھی خشکی گرمی کے سبب۔ عضلاتی اعصابی بادی یا پھر عضلاتی غدی جریان خون والی۔

علاج۔ غدی اعصابی سے اعصابی غدی تک ہو سکتا ہے۔

نسخہ۔ تخم نیم 20 گرام، تخم بکائن 20 گرام، افسنتین 20 گرام، رسونت 60 گرام۔ ایک نخودی گولی صبح، دوپہر، شام۔

بواسیری ہاضم۔ زیرہ سفید 20 گرام، الائچی کلاں 40 گرام، سجی کھار 20 گرام، سونٹھ 10 گرام، نوشادر 10 گرام، کالی مرچ 10 گرام، مگھاں 10 گرام، گندھک آملہ سار 40 گرام، میٹھا سوڈا 40 گرام، نمک سیاہ 60 گرام کا سفوف بنا لیں۔ اعصابی غدی ہاضم ہے، اگر کچھ عرصہ آدھ چمچ تین مرتبہ روزانہ کھلا دیں تو بواسیر کے لیے بہت ہی مفید اور مجرب ہے۔

بواسیر کے لیے مجرب کیپسول۔

نسخہ۔ گندھک آملہ سار 10 گرام، رسونت 10 گرام، چھلکا ریٹھا 10 گرام، قلمی شورہ 10 گرام، مغز نیم 15 گرام، کشتہ سونا لکھی 10 گرام۔ پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ صبح اور شام ایک کیپسول دیں۔ ایک ماہ تک علاج جاری رکھیں۔

گلہڑ

خشکی سردی کے سبب حرارت امیلہ کے کم ہونے سے ہوتی ہے۔ اگر یہ غدود بہت بڑھ چکے ہیں تو آپریشن بہتر ہے۔ ابتدائی حالت میں پانچ شدید اور سفوف عضلاتی سوزش کا مسلسل استعمال اس کا شافی علاج ہے۔

سفوف برائے عضلاتی سوزش۔ گندھک 30 گرام، نوشادر 20 گرام، اجوائن دیسی 30 گرام۔ اکسیر 4 لے کر 5 گرام ملا کر ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

سفوف پاک

کلونجی 20 گرام، ہالیون 40 گرام، قسط شیریں 40 گرام۔ ایک ماشہ سفوف چار مرتبہ روزانہ۔ جریان احتلام قطروں کا آنا، دردیں، کمر درد، لیکوریا، کے لیے مفید ہے۔ عضلاتی اعصابی اور اعصابی غدی امراض کا حل ہے۔

اعصابی سفوف مغلظ۔ موصلی سفید، ثعلب مصری، مغز بنولہ، چھلکا اسپغول ہر واحد 50 گرام، سنکھ 10 گرام، کشتہ قلعی 10 گرام، ملا کر برابر وزن کوزہ مصری ملا دیں۔ ایک چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

عضلاتی سفوف مغلظ۔ بیج بند، تج، تالمکھانہ، سمندر سوکھ، تخم سریالہ، تخم بھنگ، کو کنار، ہر واحد 10 گرام، پھلی کیکر 50 گرام، بیخ بدھارا 50 گرام، کالی مرچ 50 گرام، اسگند ناگوری 50 گرام۔ تمام کو باریک کر لیں۔ ایک چمچ صبح، شام دیں۔

دانت کا درد

نسخہ 1۔ مائیں، ماجو، چھلکا انار، کوئلہ کیکر، نمک سیاہ، سک کیکر، پھٹکڑی سفید، سب ہم وزن لے کر باریک کریں۔ منجن کریں۔ درد بھی بند کرے، مضبوط بھی کرے، ہلتے دانتوں کے لیے دیں۔

نسخہ 2۔ پھٹکڑی 100 گرام، شیر مدار 100 گرام۔ توے پر جلا لیں۔ برابر وزن کالی مرچ۔ دانتوں کو ابرک کی طرح سفید کرے۔ درد بند ہو گا۔ ٹھنڈا گرم لگنے کو مفید ہے۔

نسخہ 3۔ عقر قرحا، لونگ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ مسوڑھوں پر مالش کریں۔ فوری درد بند ہو گا۔

رعشہ

تری سردی یا خشکی سردی، دونوں صورتیں حرارت کی کمی کر دیتی ہیں۔ ہاتھ پاؤں کانپنا، قابوس سکتہ کی ابتدائی صورت ہے۔ علاج میں عضلاتی غدی یا غدی عضلاتی غذا دوا سے علاج ممکن ہے۔ شنگرف تولہ، مر مکی تین تولہ، کچلی چار تولہ۔ پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ ایک سے دو کیپسول دن میں تین دفعہ دیں۔ سمی اثرات ظاہر ہوں تو پانچ ملین آدھی چمچ دودھ کے ساتھ دیں۔ بے حد مصفی خون، اعصابی/بلغمی دمہ کا تریاق ہے۔ ذکاوت حس، احتلام وغیرہ تمام اعصابی و عضلاتی علامات کا فوری حل تریاق تشنج ہے۔

کھانسی

کھانسی تری، خشکی، گرمی تینوں تحریکوں میں ہو سکتی ہے۔

اعصابی کھانسی/کالی کھانسی۔ جسم سرد، سفید یا نیلی بلغم، زکام، پیشاب کا رنگ اکثر سفید، بار بار قے، دل ڈوبنا۔

نسخہ۔ تخم پیاز 50 گرام، دار چینی 50 گرام، کاکڑا سنگی 100 گرام کا سفوف تیار کریں۔ تین گرام تین مرتبہ روزانہ۔

کالی کھانسی کے لیے دو خوراکوں کا نسخہ۔ سرخ مرچ مٹی کے پیالہ میں جلا لیں۔ جلی ہوئی مرچوں کا تین گرام سفوف چھ گرام شہد میں ملا کر ایک خوراک دیں۔ اتنی ہی خوراک رات کو دیں۔ فوری اثر کرتا ہے۔

خشک کھانسی۔ بلغم کم، ریح، گیس، پیشاب سرخی مائل، اخراج بلغم مشکل سے۔

نسخہ۔ گل یا برگ بانسہ 80 گرام، گل بنفشہ 50 گرام، سونف 30 گرام کا سفوف۔ ایک سے تین گرام چار مرتبہ روزانہ دیتے چلے جائیں۔ اگر بلغم مشکل سے خارج ہو تو یہ نسخہ بھی ساتھ دے دیں۔ بلغم پتلا کر کے خارج کرے گا۔

نسخہ۔ تخم رائی، بسفائج، اسطوخودوس برابر وزن ایک گرام گرم پانی سے چار مرتبہ یومیہ دے دیں۔ قبض گیس کو بھی مفید ہے۔

غدی کھانسی۔ مروڑ، پیشاب زرد، جی متلانا، الٹی نہیں آتی، ضعف قلب، نبض تین انگلیوں تک۔

نسخہ۔ برگ گاؤ زبان، سونف، ملٹھی، گوند کیکر۔ ہم وزن سفوف تین گرام۔ ایک چمچ روزانہ تین مرتبہ خمیرہ گاؤ زبان کے ساتھ دیں۔ فوری اثر کرتا ہے۔

نسخہ کھانسی بابا جی غلام رسول، ایمن آباد۔

ہلدی، ملٹھی، سونف، گوند کیکر، برگ بانسہ۔ سب برابر وزن۔ ایک سے دو ماشہ تک دن میں تین مرتبہ۔

سردی کی بیماریوں کے لیے عربی نسخہ خاص

شہد ایک کلو، چھیلا ہوا لہسن آدھ کلو، پیاز آدھ کلو، کلونجی ایک پاؤ، مچھلی کا تیل دو شیشی۔ تمام کو باریک کر کے ملا لیں۔ ناشتہ کے بعد اور رات سوتے وقت دو چمچ استعمال کریں۔

مقوی شاہی

نسخہ۔ مربہ آملہ 100 گرام، مربہ سیب 100 گرام، گاجر کا مربہ 100 گرام، دھنیا 25 گرام، الائچی خورد 25 گرام، صندل سفید 25 گرام، گل سرخ 25 گرام، زرشک شیریں 50 گرام، تین گنا شہد سے معجون بنا لیں۔ گھبراہٹ، دائیں جانب کا فالج، ہائی بلڈ پریشر، گرمی کی بیماری کے لیے ایک تولہ تین مرتبہ روزانہ جاری کریں۔ دائیں طرف کا فالج ہائی بلڈ پریشر اور گرمی کی زیادتی سے ہوتا ہے۔

سنگرہنی

کھانے کے فوراً بعد لیٹرین کی حاجت، پاخانہ سے کچی بو، غیر ہضم شدہ خوراک۔

نسخہ 1۔ تخم بھنگ 50 گرام، چھلکا انار 50 گرام، گل دھاوا 50 گرام، گٹھلی جامن 50 گرام، کالی مرچ 20 گرام۔ باریک سفوف کریں۔ ایک چمچ صبح، شام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

نسخہ 2۔ گیرو انڈیا، نوشادر ٹھیکری۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک چمچ ہر گھنٹے بعد۔ تین خوراکوں سے ہی مکمل علاج ہو جاتا ہے۔

موہری گنگرین نہ مٹنے والے زخم کے لیے

نسخہ 1۔ کتھ، رال، کمیلہ، مردار سنگ موم، شنگرف، ہاپچی، سب ایک تولہ۔ باریک کر کے تیل سرسوں ملا کر آگ پر رکھ دیں اور ہلاتے رہیں حب مرہم بن جائے تو اتار لیں۔ کریم کی طرح لگائیں یا پٹی کر دیں۔ شوگر والے زخم بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

نسخہ 2۔ ویران جنگلی آک کی جڑ کا پوست 250 گرام، نمولی کنڈ یاری 250 گرام، سرخ مرچ 250 گرام، پنیر 250 گرام، بلادر/ بھلانوہ 100 گرام، نیلا تھوتھا 100 گرام، تیل سرسوں ایک کلو۔ مال باریک کر کے ڈال دیں۔ آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ ہلکی آنچ دیں۔ کھیر کی طرح ہو تو اتار لیں۔ نیم کے پانی سے دھو کر پٹی کریں۔ 36 گھنٹے بعد کھولیں۔ تین پٹیاں ہی کافی ہیں۔

گرمی کے لیے ٹھنڈک عارفی

نسخہ۔ صندل سفید، خرفہ، نر کچور، مغز کنول گٹہ، تخم کاسنی 100 گرام ہر واحد، دھنیا 200 گرام، گوند کتیرا، گوند کیکر، زہر مہرہ خطائی، طباشیر نقرہ، ست گلو، تخم کا ہو، 50 گرام ہر واحد، دانہ الائچی خورد 25 گرام۔ تمام کو باریک کر کے برابر وزن گلوکوز ملا لیں۔ آدھا چمچ چار مرتبہ یومیہ۔

گرمی کی بیماریوں کا اکسیری علاج ہے۔ جریان خون بند کرے۔ غدی کھانسی، ہائی بلڈ پریشر، خفقان قلب، گھبراہٹ میں جاری کریں۔

بچوں کے خم معدے کے درد کے لیے۔

شدید تین اور ہاضم تین لگاتار دیں۔ ایک مکمل علاج ہے۔ کلونجی 50 گرام، کاکڑا سنگی 200 گرام۔ بڑوں کو ویسے ہی تین گرام تین مرتبہ دیں۔ بچوں کو معجون بنا کر آدھا چمچ دیتے جائیں۔ سادہ سا یہ نسخہ کالی کھانسی، دمہ، کھاری ڈکاریں، بد ہضمی، بلغم گاڑھی کر کے نکالتا ہے۔ خم معدے کے درد کا علاج ہے۔

حب یو گراج

نسخہ۔ گوگل زرد، معاف، سورنجاں شیریں، مصبر، تربد سفید، مجعف، رائی، ہر واحد 125 گرام، ہلیلہ زرد 250 گرام، جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ رائی کی وجہ سے بہترین گولی بنتی ہے۔ موٹاپا نل ہے، جوڑوں کے درد، گنٹھیا میں بہت مفید ہے۔ ایک مناسب پاخانہ روزانہ آنا چاہیے۔ خوراک کم و بیش کر لیں۔ گنٹھیاوی مادہ پگھل کر جوڑوں پر سوزش پیدا کرتا ہے۔ 5 ملین یا 5 مسہل دینے سے غائب ہو جاتا ہے۔ سوزش ختم ہونے پر دوبارہ شروع کر دیں۔ مزاج خشک گرم ہے۔ بلغمی دمہ، سیلان، بندش حیض، تحجیر مفاصل کے کافی عرصہ تک یا اکیلے ہی استعمال کرائیں۔

پولن الرجی

اعصابی عضلاتی/تر سرد کیفیت ہے۔ حرارت بڑھائیں۔

قہوہ دافع پولن۔ لونگ، دار چینی، جاوتری، کالی زیری، تخم میتھی کا قہوہ گرما گرم دن میں کئی بار دیں۔ ساتھ سفوف کاکڑہ سنگی اور تریاق نمبر 3 بھی دیتے جائیں۔ غدی روغن انگلی سے خس کرتے رہیں۔

خون کی کمی کا حل

عضلاتی تحریک میں خون کی کمی ہو تو شدید 5 حب فولادی دیں۔ اعصابی تحریک میں خون کی کمی کے لیے فولاد 50 گرام، سم الفار 10 گرام، سرخ رائی 200 گرام۔ غدی تحریک میں خون کی کمی کے لیے غدی اعصابی اور فولاد ملا کر دیں۔

اعصابی تحریک میں زیادتی پیشاب روکنے کے لیے

نسخہ۔ مر مکی، حب محلب، کندر، خولنجاں، خبث الحدید، جند بیدستر، جفت بلوط، ہر واحد 10 گرام، عقر قرحا 7 گرام، نخودی گولی چار مرتبہ یومیہ دیں۔

گردہ کی پتھری

گردے کی پتھری کا سبب اگر خشکی سردی ہو تو عضلاتی غدی ملین، مسہل سے شروع کر کے غدی عضلاتی ملین مسہل مرحلہ وار دینا ہو گا۔ سوداوی مادوں کو ہمیشہ پاخانہ کے ذریعے خارج کرنے کی کوشش کریں۔ پیشاب آور ادویات سے ٹھوس مادے بہہ کر جوڑوں کو اور گردوں کو خراب کر دیتے ہیں۔

غدی علامات میں گردوں کی معمولی علامات کا علاج غدی اعصابی سے اعصابی عضلاتی تک کریں۔ شدید، ملین، مسہل دیں۔ پیشاب کی سوزش، جلن، اماس رکے ہوئے صفراء کو خارج کرنے میں بے مثال ہیں۔ اکثر اقسام کی پتھریاں غدی اعصابی تحریک میں خارج ہوتی ہیں۔

نسخہ 6 شدید۔ رال سفید، لوبان، زیرہ سفید، ہلدی۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔

غدی الرجی/چھپاکی کے لیے کافوری قرص/گولی

نسخہ۔ تخم کاہو، صندل سفید، اجوائن خراسانی، گل سرخ، خرفہ، کافور۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں اور پھر دھنیا کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔ دو گولیاں صبح، دوپہر، شام تین یوم علاج کریں۔

اعصابی الرجی جو پانی لگنے سے زیادہ ہو جائے۔ جوارش املی، مقوی خاص، تریاق نمبر 3 یقینی علاج ہے۔

شربت انار۔ میٹھے انار کا پانی ایک کلو حاصل کریں۔ آگ پر رکھ کر نصف رہ جائے تو چینی ڈیڑھ کلو ڈال کر شربت بنا لیں، بوقت ضرورت ٹھنڈا کر کے نوش کریں۔ شربت انگور، شربت سیب، شربت انار ایک ہی طریقہ پر بنایا جائے۔

وریدی گچھوں کا علاج (Vericose Veins)۔

گرمی خشکی کا مسئلہ ہے اعصابی تحریک سے حل ہو گا۔ 5 ملین، مسہل، حب انقلاب، تریاق 6، اکسیر بادیان یقینی علاج ہیں۔

بخار میں منہ کا کڑوا ذائقہ۔ شدید 5 اور تریاق 6 سے علاج ہو گا۔ شربت بزوری بھی ساتھ دیں۔ جیسے ٹائیفائڈ میں دیا جاتا ہے۔

شوگر کے مریضوں کی قبض کا علاج۔ ملین نمبر 4 حب فالج سے کریں۔

چھوٹے بچوں کی عینک۔

نسخہ۔ مغز بادام 250 گرام، مغز کدو 200 گرام، سونف 100 گرام، دھنیا 100 گرام، کالی مرچ 50 گرام، کشتہ مرجان 50 گرام، جست 30 گرام کا سفوف بنا لیں۔ چھوٹا چمچ صبح، شام دودھ سے دیں۔

سوال۔ مریضہ کے بائیں پستان سے پیپ نما مادے کا رساؤ ہوتا ہے، پسینہ سخت بد بو دار ہے، منہ کا ذائقہ کڑوا ہے، اعصابی ادویات سے بلڈ پریشر لو ہوتا ہے، عضلاتی ادویات سے مادے کا رساؤ بند ہوتا ہے مگر منہ پر دانے نکلتے ہیں۔

جواب۔ سوزاکی مادے کا بگاڑ ہے۔ تریاق سوزاک اور حب حیات دیں۔

تریاق سوزاک۔ اجوائن، لوبان ہم وزن۔

حب حیات۔ بیروزہ، رال سفید، ثوبان، صندل سفید۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ہر واحد 10 گرام میں کشتہ نیلا تھوتھا 3 گرام ملا لیں تو بہتر ہے۔ ایک گرام تین مرتبہ دیں۔

زخم معدہ۔ یہ عضلاتی روگ ہے اکسیر 4 اور ملین 4 سے علاج ہو گا۔

سفوف مولد منی۔ بیخ بدھارا، اسگند، تودری سفید، مغز کدو، گوند کتیرا، موصلی سفید، الائچی خورد۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک چھوٹا چمچ صبح، شام دودھ سے دیں۔ مادہ منویہ کی ہر خرابی دور ہو گی۔ ان شاء اللہ۔

تریاق معدہ و امعا۔

نسخہ۔ گندھک آملہ سار 100 گرام، اجوائن دیسی 200 گرام، سفوف بنا لیں۔ **خوراک۔** ایک تا دو گرام دن میں 3 سے 4 بار ہمراہ پانی دیں۔ **فوائد۔** غدی عضلاتی ہے، درد معدہ و امعاء، قے، اسہال، معدہ میں بے چینی، سوزش، ورم، یورک ایسڈ، ریاح شکم، باؤ گولہ، بہترین مصفی خون، خارش کے لیے، دانت درد، ماس خورہ، نزلہ، زکام کو رفع کرتا ہے۔ روٹی کے بجائے دلیہ، چاول دیں۔

اکسیر بادیان۔ ہلدی، ملٹھی، سونف۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ **خوراک۔** 3 گرام صبح، دوپہر، شام۔ پرانا نزلہ، زکام، کھانسی، بد ہضمی، ٹائیفائڈ بخار، ترشی، معدہ و امعاء، ترش ڈکاریں، پرانی پیچش، آنتوں کے زخم کے لیے مفید ثابت ہوا ہے۔

اکسیر آتشک۔ کوڑ تمہ 20 گرام، کالی ہرڑ 10 گرام، نیلا تھوتھا بریاں 3 گرام، زرد کوڑی کی خاک 40 گرام۔ سب کو باریک کر کے 40 لیموں کے رس میں کھرل کر کے نخودی گولی تیار کریں۔ **خوراک۔** ایک گولی صبح، شام، عرق پت پاپڑہ سے ایک ماہ تک علاج کریں۔

مقوی دماغ و خون۔ فولاد 10 گرام، مرچ سیاہ 30 گرام، ریوند خطائی 40 گرام، سفوف بنا کر کالی مرچ برابر گولیاں بنا لیں۔ **خوراک۔** 2 سے 4 گولیاں دن میں چار بار۔

استسقا غدی، توند بڑھ جانا۔ قبض، بلغم کی زیادتی، رطوبت سے بدن کا سن ہونا، حرکات جسم کا کمزور ہونا، غذا مقوی، دودھ اور گوشت دیں۔

حب وجع المفاصل۔ کوڑ تمہ 20 گرام، سونٹھ 50 گرام، نوشادر 10 گرام۔ سفوف بنا کر گھیکوار کے گودے میں ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔

خوراک۔ 1 سے 3 گولیاں نیم گرم پانی یا چائے سے دن میں تین بار دیں۔ عضلاتی غدی مزاج کی گولیاں جوڑوں کے درد، دائمی قبض، قلت حیض بوجہ رطوبت، دمہ، کھانسی، دل ڈوبنے میں مفید ہے۔

شدید نمبر تین۔ دار چینی 30 گرام، جاوتری 20 گرام، لونگ 10 گرام۔ **مقدار خوراک۔** ایک گرام دن میں تین سے چار مرتبہ چائے سے دیں۔ مانع اسہال، نمونیا، برائے دست، سنگرہنی، آتشک، ذیابیطس، عظم طحال کو مفید ہے۔

مسہل نمبر تین۔ حرمل 20 گرام، مصبر 10 گرام، کوڑ تمہ 10 گرام۔ نخودی گولیاں بنا لیں۔ **خوراک۔** 1 سے 2 گولی دن میں 3 مرتبہ دیں۔ موٹاپا جلد دور ہو جاتا ہے۔ بلغم کے لیے بے ضرر مسہل ہے۔

حب صابر۔ کوڑ تمہ، رائی، گندھک آملہ سار۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنائیں اور پھر نخودی گولیاں بنا لیں۔ رکی ہوئی ریاح کو خارج کرنے میں مفید ہے۔

تریاق غدد۔ گندھک، آگ کے پھول، سہاگہ بریاں۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ آدھا گرام گرم پانی سے تین مرتبہ روزانہ۔ پرانی پیچش، آنتوں کی ٹی بی کے لیے مفید ہے۔ جلن بول کے لیے بھی دیں۔

ہاضم نمبر 6۔ سجی کھار 100 گرام، سہاگہ بریاں 100 گرام، بڑی الائچی 200 گرام۔ سفوف ایک رتی سے ماشہ تک زرد پیشاب کی ہر بیماری میں مفید ہے۔

ہاضم (بابا غلام رسول موڑ ایمن آباد مہلو والہ گوجرانوالہ)

نسخہ۔ نوشادر ٹھیکری 50 گرام، نمک سیاہ 50 گرام، کالی مرچ 50 گرام، ملکھاں 50 گرام، باؤ بڑنگ 50 گرام، سونٹھ 50 گرام، سہاگہ سفید بریاں 50 گرام، نر کچور بریاں 50 گرام، میٹھا سوڈا 100 گرام، گندھک آملہ سار 100 گرام، ہرڑ کابلی 100 گرام۔ آدھا چمچ بعد از خوراک دیں۔

نسخہ۔ مصبر 10 گرام، ریوند عصارہ 10 گرام، ست ملٹھی 10 گرام، گوند کیکر 10 گرام، مصطگی چوتھائی تولہ۔ چنے برابر گولیاں بنا لیں۔ رات کو 4 عدد محبت مسہل ہے۔ بہت نرمی سے کام کرتا ہے۔

پتی چائے۔ کالی مرچ ایک تولہ، مجیٹھ 50 گرام، پودینہ ایک پاؤ، چائے کی پتی کے طور استعمال کریں۔ رنگ اور کام پتی سے اعلی ہے۔

نکسیر و ہائی بلڈ پریشر کے لیے۔ اسطوخودوس، دھنیا، چندن، صندل، گوند کتیرا۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ تمام اشیاء کے برابر کوزہ مصری ڈالیں۔ ایک چمچ صبح، دوپہر، شام دودھ سوڈا سے استعمال کریں۔ گرمی کی تمام بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔ ہائی بلڈ پریشر، نکسیر، بواسیر کے لیے بہترین دوائی ہے۔ جلن معدہ، گھبراہٹ فوراً دور ہو جاتی ہے۔ ان شاء اللہ۔ مجرب ہے۔

بچوں کے دل میں سوراخ۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ جنطیانہ، مر مکی، روچ ترکی، زعفران۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ 2 سے 4 رتی صبح، دو پہر، شام عرق آبک ایک کلو، پتری فولاد 4 تولہ ملا کر 5 سے 10 قطرے دیں۔

احتلام، قطرے، جریان۔ کمر کس 20 گرام، کوکنار 10 گرام، کشتہ قلعی 2 گرام، چینی 40 گرام کا سفوف بنا کر 14 پڑیاں تیار کریں۔ صبح، شام ایک پڑیا مرنڈا بوتل سے دیں۔ پہلی خوراک ہی اثر کرتی ہے، قطرے وغیرہ اسی دن ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

نسوار جن۔ سوڈا کھارا ایک پاؤ، میٹھا سوڈا 125 گرام، پوٹاشیم پر مینگا نیٹ 10 گرام۔

نسوار برائے درد دانت اور درد سر۔ پپلا مول 50 گرام، ست پودینہ 3 گرام، دانت پر مل دیں۔ نسوار کے طور پر بھی استعمال کریں۔ لگاتے ہی درد سر اور درد دانت غائب کر دے۔

بجلی نسوار۔ پوٹاشیم پر مینگا نیٹ 10 گرام، گیرو 90 گرام۔ بجلی کی طرح اثر انگیز ہے۔

پتھری اور درد گردہ۔ سنگ دانہ مرغ، گیرو، کالی مرچ، نوشادر، ست لیموں، ہلدی۔ ہر ایک 60 گرام، ایس پرین 85 گرام، میٹھا سوڈا 85 گرام۔ ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام 10 یوم علاج کریں۔

برائے شوگر۔ ان بجھا چونا ایک پاؤ، لونگ کیکر ایک کلو۔ 10 سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ 500 ملی گرام کیپسول رات کے وقت تمام کو بمعہ لونگ کیکر باریک کر لیں۔

برائے شوگر۔ شنگرف 10 گرام، کشتہ فولاد 20 گرام، دو گھنٹے کھرل کریں۔ 250 ملی گرام کیپسول صبح کے وقت شوگر کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

نسوار برائے درد شقیقہ۔ نوشادر 10 گرام، کافور 2 گرام، کالی مرچ 5 گرام۔ ضرورت کے وقت ناک میں لگائیں۔ آنکھوں سے پانی جاری ہو گا۔ آرام آئے گا۔

قرص کا نسخہ صفحہ نمبر 18 پر درج ہے۔

حب فالج۔ جمال گوٹہ 6 گرام، شنگرف 10 گرام، کچلہ مدبر 40 گرام، رائی 40 گرام، گولی بقدر دانہ مونگ تین مرتبہ۔ اسی مادے سے طلا مقوی مجلوق تیار ہو سکتا ہے۔ نہ جلن، نہ ساڑھ، آہستہ، آہستہ مقوی صورت بن جائے۔ تین گنا ویزلین ملا دیں۔

بہترین طلا۔ لونگ 20 گرام، رائی 20 گرام، جمال گوٹہ 10 گرام، ویزلین 250 گرام۔ معروف طریقہ پر طلا کریں۔ مجلوقوں کو دیں۔ آپ کی حکمت اور عزت میں اضافہ کرے گا۔

برائے دق اطفال۔ طباشیر 6 گرام، شکر تیغال 6 گرام، کرنجوہ 10 گرام، ست گلو 6 گرام، کشتہ ابرک سفید 2 گرام، کشتہ ابرک سیاہ 2 گرام، سبز الائچی 4 گرام، ست ملٹھی 6 گرام کا سفوف تیار کریں۔ 2 رتی سے ایک ماشہ تک بچوں کے بخار اور دق کے لیے مفید ترین ہے۔ بڑوں کو 2 ماشہ دن میں تین بار۔ گرمی کے بخاروں میں مفید ہے۔ ٹائیفائڈ کو بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ماشہ، ماشہ اکسیر بخار ہر قسم صفحہ نمبر 84 والا بھی دیں، کامیابی ہو گی۔

بچوں کے سوکڑا کے لیے۔

بکرے کی کلیجی آگ پر خشک کر لیں۔ سفوف بنا کر چٹکی بھر تین مرتبہ یومیہ دینے سے بچہ چند یوم میں موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ اسہال کے لیے 2 سے 3 خوراکوں میں درست ہو جائے۔

حب صافی۔

نسخہ۔ بسفائج 40 گرام، اذراقی مدبر 10 گرام، افسنتین 40 گرام، مصبر 20 گرام۔ چنے برابر گولی چیچک کے لئے، جس میں سفید رطوبت ہو جاتی ہے، مفید ہے۔

اسہال کہنہ (Chronic Dysentery)

نسخہ۔ مغز جامن، گری آم، کالی ہرڑ، طباشیر۔ سب ہم وزن۔ 3 گرام دن میں 3 مرتبہ دیں۔

شدید 4۔ اجوائن، میتھی، رائی، ہالوں، کلونجی۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ **خوراک۔** ایک ماشہ سے دو ماشہ تک تین مرتبہ دیں۔

حب عرق النساء۔ حرمل، سورنجاں، مصبر۔ سب ہم وزن لے کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ 2 گھنٹے بعد ایک گولی درد رکنے پر وقفہ زیادہ کر دیں۔

پاؤں کے تلووں کے درد کے لیے۔ تریاق معدہ نصف چمچ تین مرتبہ، 5 تریاق 2 رتی۔ تین مرتبہ۔ ہفتہ بھر علاج کریں۔

Erythrocyte Sedimentation Rate (ESR) کے لیے 5 اکسیر اور 6 تریاق کا مسلسل استعمال نافع ہے۔

حب نجات۔ سونٹھ، نوشادر، درونج عقربی، اسگند، سورنجاں تلخ و شیریں، قسط، ہر واحد 100 گرام، سقمونیا 30 گرام۔ ایک نخودی گولی دن میں تین مرتبہ گرم پانی یا اجوائن کے قہوہ سے۔ درد دل، کولیسٹرول، شریانوں کا سکیڑ، دل کے والو کی بندش، گنٹھیا، قبض، خشک کھانسی، یورک ایسڈ کی زیادتی۔

سفوف فیضان۔ ادرک، لہسن۔ سب ہم وزن لے کر گھی میں تل کر خشک کر کے باریک کر لیں۔ آدھا ماشہ دن میں تین بار دل کی اکثر تکالیف کے لیے مفید ہے۔

اعصابی تحریک کی گیس۔ تریاقی تبخیر اور 4 ملین دیں۔

عضلاتی تحریک کی گیس۔ تریاق معدہ اور حب سلطان دیں۔

غدی تحریک کی گیس۔ 5 ہاضم 2 حصے، اعصابی ہاضم ایک حصہ ملا کر دیتے جائیں۔

آنتوں کی ٹی بی۔ کڑاہ چھال 1 حصہ، تریاق 6 ایک حصہ، سفوف مفید عام ایک حصہ ملا کر 2 گرام خوراک دن میں تین بار دیں۔

مفید عام۔ گاؤ زبان، زیرہ سفید، سونف، گوند کیکر، ست ملٹھی۔ سب ہم وزن۔ عمومی خوراک ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

زبان پر موٹی سفید تہ۔ اعصابی علامت ہے۔ تریاق تبخیر، حب وجع المفاصل اور غدی ہاضم سے علاج کریں۔

حب وجع مفاصل۔ کوڑ تمہ 20 گرام، مصبر 20 گرام، سونٹھ 50 گرام، نوشادر 10 گرام، گھیکوار کے گودے سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ 1 سے 3 گولی دن میں تین بار دیں۔

سفوف برائے غدی سوزش۔ سہاگہ، ست ملٹھی، گندھک۔ ایک ماشہ تک خوراک دیں۔

سفوف برائے اعصابی سوزش۔ آملہ 20 گرام، کالی ہرڑ 30 گرام، گندھک 30 گرام۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک خوراک دیں۔

سفوف برائے عضلاتی سوزش۔ گندھک 30 گرام، نوشادر 20 گرام، اجوائن دیسی 30 گرام۔ اکسیر 4 لے کر 5 گرام ملا کر ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

حب رسائن۔ اذراقی 50 گرام، فولاد 40 گرام، سلاجیت 20 گرام، سرخ رائی 15 گرام۔ چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

گردوں کی خرابی اور کمی بول کے لیے۔

نسخہ۔ تخم خربوزہ، تخم خیارین، تخم کاسنی، تخم کرفس، بھکڑہ، سونف، زیرہ سفید۔ سب ہم وزن کا سفوف تیار کر لیں۔ آدھا چمچ صبح، دو پہر، شام۔

سیلابی۔ قلمی شورہ 100 گرام، حجر الیہود/سنگ یہود، سنگ سرماہی، نوشادر۔ ہر واحد 50 گرام۔ تین کلو مولی شامل کر کے مٹی کی ہانڈی میں خشک کر لیں۔ جو کھار 10 گرام۔ مولی کھار 10 گرام کا اضافہ کر لیں۔ **خوراک۔** 3 سے 6 گرام تک دن میں تین مرتبہ دیں۔

خرقتہ البول (پیشاب جاری کرنے کے لیے)۔

نسخہ۔ مغز خربوزہ، خیارین، مغز کدو، ہر واحد ایک تولہ۔ صمغ عربی، دم الخوائن، کندر، ہر واحد 30 گرام، تخم کرفس 5 گرام۔ سب پیس کر گولیاں بنا لیں۔ صبح، دوپہر، شام مناسب شربت سے دیں۔

زخم پکانے کے لیے۔ گوگل، کالی زیری، تخم میتھی، رائی۔ سب ہم وزن کا لیپ کریں۔ مواد کو پکانے میں معاون ہے، درد بند کرتا ہے۔ پک جانے پر زخم صاف کر کے بھی بھر دیں۔ ادویہ لگا دیں، ان شاء اللہ آرام آئے گا۔

بڑی آنت کا زخم (Ulcerative Colitis)

اعصابی غدی تحریک پیدا کریں، شدید 6 کھانے سے پہلے دیں۔ کھانے کے بعد کڑا چھال اور تریاق 6 دیں۔ ساگودانہ کی کھیر، تخم ریحان، انڈے کی سفیدی اور سفوف مفید عام بھی دیں۔

غدہ قدامیہ (Prostate Gland)

غدی تحریک میں سکڑتے ہیں۔ عضلاتی میں بڑھتے ہیں۔ 5 ملین اور تریاق 6 مسلسل استعمال کرائیں۔ اگر غدہ مقامی طور پر سوزش ناک ہو تو سوزاک کے اصول پر علاج کریں۔

سفوف سوزاک۔ بیروزہ، رال، صندل، لوبان۔ سب ہم وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ ایک ماشہ خوراک دیں۔

پلیٹی لیٹس کا کم ہونا۔ اعصابی تحریک میں کم ہوں تو 2 ملین، حب فولادی، اطریفل فولادی، سفوف مقوی قلب و خون والا۔

دوسری صورت میں جگر کی خرابی سے کم ہونے والوں میں شدید 5 اور مقوی 5 دیں۔

کثرت بول بوجہ ٹھنڈ گردہ۔ جوارش زرعونی سادہ تین مرتبہ دیں۔ ایک چمچ مغز بنولہ اور بھکڑا کا حلوہ بنا کر دیں۔ غدی اعصابی لبوب کبیر دیں تو بہتر ہے۔

کھانا نگلنے میں دشواری۔ دو شدید کھانے سے پہلے اور تین شدید کھانے کے بعد دیں۔ گلے پر تین نمبر روغن کی مالش کریں۔

روغن نمبر تین۔ مالکنگنی 50 گرام، لونگ 10 گرام، کچلہ زندہ 10 گرام۔ سرسوں کے ایک پاؤ تیل میں جلا لیں۔ اس تیل کو گنٹھیا پر مالش کریں تو فوری اثر ہوتا ہے۔

پھٹوں کا کھچاؤ۔

عضلاتی تحریک ہے۔ پانچ نمبر اکسیر اور حب فولادی دیں۔ مٹھی چاپی کریں۔

قبل از وقت بالوں کی سفیدی۔

نسخہ۔ مغز بادام 250 گرام، مغز کدو 60 گرام، مغز خیارین 60 گرام، مغز خربوزہ 60 گرام، مغز تربوز 60 گرام، پوست آملہ 40 گرام، ہلیلہ 40 گرام، بلیلہ 40 گرام، دھنیا 125 گرام، خشخاش 80 گرام، مرجان 50 گرام، کشتہ جست 50 گرام، کشتہ فولاد 40 گرام۔ ایک چمچ صبح، شام دیں۔ بالوں کو سیاہ کرے، دائمی نزلہ، زکام، قوت حافظہ تیز کرے۔

عورتوں کے چہرے پر بال۔

عضلاتی روگ ہے۔ حب مفید النساء نخودی گولی تین مرتبہ، ملین 4 تین مرتبہ، مسہل 4 تین مرتبہ دیں۔

حب مفید النساء۔ مر مکی 10 گرام، دار چینی 10 گرام، لونگ 10 گرام، جند بیدستر 10 گرام، مصبر 10 گرام، ہیرا کسیس 10 گرام، زعفران 5 گرام۔

بچوں کا بستر پر پیشاب۔

اعصابی مرض ہے۔ صبح فولادی اور شدید تین، رات کو تین نمبر جوارش دیں۔ چاول، دودھ رات والا بند کر دیں۔

معجون درد سر۔ ہریڑ سبز، ہریڑ سیاہ، آملہ، اسطوخودوس، دھنیا، بسفائج۔ سب ہم وزن لے کر باریک کر کے معجون بنا لیں۔ ایک چمچ کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

بچوں کی ناک کی ہڈی بڑھنا۔ شدید تین اور اکسیر چار، عضلاتی سوزش والا نسخہ بھی ساتھ دیں۔ ساتھ سفوف ترکٹا بھی دیں۔

سفوف برائے عضلاتی سوزش۔ گندھک 30 گرام، نوشادر 20 گرام، اجوائن دیسی 30 گرام۔ اکسیر 4 لے کر 5 گرام ملا کر ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

سفوف ترکہ۔ کالی مرچ، مگھاں، سونٹھ۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ۔ **فوائد۔** دمہ، کھانسی، نزلہ، زکام، گیس، بد ہضمی، قبض، موٹاپا، شوگر، قلت بھوک سے نجات۔

ہیپاٹائٹس کے مریضوں کی کمزوری کے لیے۔ تحریک غدی ہو تو معجون جواہر دار، لبوب کبیر، جوارش زرعونی، معجون نقرہ۔ اگر تحریک اعصابی ہو گئی ہے اور مدافعت کم ہے تو فولادی، حب جواہر، معجون مقوی قلب دیں۔

پھولے ہوئے بچوں کا علاج۔ ملین دو اور شدید تین سے علاج کریں۔ عضلاتی تحریک دے کر نچوڑ پیدا کریں۔

ٹانسلز۔ یہ عضلاتی روگ ہے۔ تحریک نمبر چار پیدا کریں۔ عضلاتی سوزش کے لئے شدید چار سفوف مکمل ازالہ ہونے تک دیں۔ ترشی مکمل بند کریں۔

سفوف برائے عضلاتی سوزش۔ گندھک 30 گرام، نوشادر 20 گرام، اجوائن دیسی 30 گرام۔ اکسیر 4 لے کر 5 گرام ملا کر ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

کالی کھانسی۔

نسخہ۔ پھٹکڑی بریاں، آملہ، کالی ہرڑ۔ ایک تولہ ہر دو گھنٹے بعد دیں۔ چھوٹے بچوں کو چنے برابر خوراک دیں۔ اچار گوشت کھانے کو دیں۔ مقوی خاص حسب برداشت دیں۔ بھنا ہوا گوشت بہترین غذا ہے۔

گوہانجنی آنکھ کے لیے۔ اکسیر نمبر تین کا لیپ کریں۔ ایک ہی دن میں مواد پک کر خارج ہو جائے گا۔

نسخہ۔ گوند، مر مکی، شنگرف۔ سب ہم وزن باریک کر لیں۔

اعصابی تحریک میں کمی خون۔ آملہ 10 گرام، کرنجوہ 30 گرام، ہرڑ سیاہ 10 گرام، پھٹکڑی 10 گرام، پھلی کیکر 10 گرام، ہیرا کسیس 10 گرام۔ بڑا کیپسول صبح، دوپہر، شام مرنڈا بوتل سے دیں۔

عضلاتی تحریک میں کمی خون۔ ہیرا کسیس یا فولاد، سونٹھ، اجوائن، گندھک۔ سب برابر وزن بڑے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول دن میں تین مرتبہ دیں۔

غدی تحریک میں کمی خون۔ فولاد، مگھاں، کالی مرچ، سونٹھ۔ ہر واحد 10 گرام، سونف، ریوند خطائی 20 گرام۔ ایک بڑا کیپسول دن میں تین مرتبہ دیں۔

مسلسل سوتے رہنا۔ اعصابی تحریک ہے، عضلاتی تسکین ہے لہذا عضلات کو بیدار کریں۔

نسخہ۔ بسفائج، تدبر، اسطوخودوس، برہمی بوٹی کا قہوہ پلائیں۔ لونگ، دار چینی، مرچ ترکی، مصبر حل کر کے دیں۔ دماغ کا تنقیہ ہو گا۔ عضلات بھی بیدار ہو نا شروع ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عز وجل۔

بائیں طرف کا بازو منجمد ہونا۔ یہ عضلاتی اعصابی ہے۔ تریاق خدر غذا سے پہلے اکسیر 4 اور ترکٹا غذا کے بعد بہت فائدہ مند رہتا ہے۔ حب رسائن دیں۔

سفوف ترکٹا۔ کالی مرچ، مگھاں، سونٹھ۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ۔ **فوائد۔** دمہ، کھانسی، نزلہ، زکام، گیس، بد ہضمی، قبض، موٹاپا، شوگر، قلت بھوک سے نجات۔

خشکی مار اور بال اگانے کا تیل۔ گندھک 75 گرام، زیتون کا تیل 100 گرام، روغن تارا میرا 25 گرام، خوش بو دار تیل 25 گرام ملا لیں۔ گندھک کو باریک کپڑ چھان کریں۔ خشکی دور کرے، بال اگائے، گرنے سے روکے۔

کیل مہاسے سے بال گرنا۔ پوسٹ ریٹھا، ہلدی، قلمی شورہ۔ سب ہم وزن۔ بڑا کیپسول صبح، دوپہر، شام دیں۔ قرص سلاطین اور صابر تریاق بواسیر۔ انزروت 12 گرام، شنگرف 12 گرام، جمال گوٹہ 1 حصہ۔ نخودی گولی حسب برداشت دیں۔ کیل مہاسوں کا مکمل علاج ہے۔

جوارش نمبر تین۔ لونگ، دار چینی، جائفل، جاوتری، حرمل، اذراقی، کالی مرچ، سنبل الطیب/بالچھڑ، خولنجاں/جڑ پان۔ سب ہم وزن اور شہد 3 گنا۔

حب برہمی۔ برہمی بوٹی 50 گرام، مرچ ترکی 20 گرام، دار چینی 30 گرام، کالی ہرڑ 20 گرام۔

جوارش نمبر 6۔ کاکج، مغز خربوزہ، قرطم، مکو ڈوڈی، اسگند۔ ہر واحد 50 گرام، میٹھا تیلیا مدبر ایک ماشہ، شہد 3 گنا سے معجون بنا لیں۔ حب بیش فارما کوپیا والا بھی دے سکتے ہیں لیکن اس سے حرارت یک دم ختم ہو جاتی ہے لہذا پانچ شدید ساتھ دینا لازمی ہے۔

نسخہ جریان منی اور ودی۔ کشتہ قلعی، چاندی، بیضہ مرغ، ہر ایک 6 گرام، سریالہ، سمندر سوکھ، تالمکھانہ، بیج بند، تخم سنبھالو، پنبہ دانہ، دھنیا، بھنگ، ہر ایک تولہ، تین گنا چینی سے معجون بنائیں۔ تریاق نمبر ایک رتی، رتی دیں یا امساکی دیں۔ صبح، شام دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ نماز کی تلقین کریں۔ بول درست کریں۔

نوٹ۔ درد اگر حالت سکون میں ہو تو اعصابی ہوتا ہے اور اگر چلنے سے ہو تو عضلاتی ہوتا ہے۔ لہذا تحریک کے مطابق علاج کریں۔

شربت صندل۔ برادہ صندل ایک پاؤ، عرق گلاب 3 لیٹر، چینی 3 کلو، روح صندل ملا کر بوتلوں میں بھر لیں۔

شربت فالسہ۔ فالسہ پکا ہوا ایک کلو، چینی ڈیڑھ کلو، جامنی رنگ ایک چٹکی۔ فالسہ دھو کر گرائنڈ کر لیں۔ پن کر چینی ملا دیں اور میل اتارتے رہیں۔ صاف ہونے پر رنگ ڈال دیں۔ مناسب قوام پر اتار لیں۔

گلے کی جھلی پر سوزشی دانے۔ عضلاتی تحریک کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

نسخہ۔ قسط 50 گرام، خطمی 20 گرام، بہی دانہ 20 گرام، صعتر فارسی 20 گرام۔ سفوف بنا لیں۔ ایک ماشہ ہر تین گھنٹے بعد دیں۔

نیند نہ آنا (Insomnia)

نسخہ۔ مغز کدو، مغز خیارین، زیرہ سفید، مغز کاہو، خرفہ، دھنیا، خشخاش، گل سرخ۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک بڑا چمچ صبح، شام دودھ کے ساتھ۔ سوتے وقت بے چینی (عضلاتی تحریک کی وجہ سے ہوتی ہے) کو دور کرے اور نیند لائے۔

اعصابی ہاضم۔ سجی کھار 3 تولہ، الائچی کلاں 4 تولہ، میٹھا سوڈا 3 تولہ، چینی 3 تولہ۔ **خوراک۔** 2 ماشہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

عضلاتی ہاضم۔ انار دانہ 3 گرام، رائی 3 گرام، پیاز 2 گرام، **خوراک۔** آدھا چمچ، اعصابی لوگ مسلسل استعمال رکھیں، بہت سی تکالیف سے بچ جائیں گے۔

غدی ہاضم۔ سونٹھ، نوشادر، کالی مرچ، مگھاں، ہر ایک 10 گرام، پودینہ 20 گرام، میٹھا سوڈا 40 گرام، گندھک آملہ سار 40 گرام، سونف 40 گرام۔ **خوراک۔** ایک ماشہ کھانے سے پہلے دن میں تین مرتبہ دیں۔

اکسیر آتشک۔ آتشک اعصابی زہر ہے۔ عضلات کو تحریک دینا اصل علاج ہے۔ کشتہ نیلا تھوتھا 10 گرام، مردار سنگ 10 گرام، رال سفید 100 گرام، ماجو 100 گرام، کشتہ سنکھیا 50 گرام، کتھ سفید 100 گرام۔ **خوراک۔** ایک نخودی گولی صبح، شام دیں۔

اکسیر سوزاک۔ گرمی کا زہر ہے۔ اعصابی تریاق دیں۔ **نسخہ اعصابی تریاق۔** رال، لوبان، بیروزہ، صندل۔ سب ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام۔

سوزاکی تریاق نمبر 1۔ کالا سرمہ، پوست ریٹھا، کالی مرچ۔ ایک نخودی گولی دن میں تین مرتبہ دیں۔ سوزاک کے لیے اکسیری گولی ہے۔

اٹھراہ

اعصابی اٹھراہ کے لیے اکسیر آتشک دیں۔ غدی اٹھراہ کے لئے سوزاکی تریاق نمبر 1 دیں۔

معجون کاکڑہ سنگی۔ کلونجی 50 گرام، کاکڑہ سنگی 200 گرام۔ بچوں کو معجون کی صورت میں اور بڑوں کو دلیے سے 2 تا 3 گرام دیں۔ بلغمی دمہ، ڈکاریں، دل گھٹنا، خم معدہ کے درد کے لیے۔

ہائی بلڈ پریشر کے لیے۔ اسطوخودوس، دھنیا، چندن، صندل، گوند کتیرا۔ آدھا چمچ دودھ سوڈا کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔ نکسیر نہ پھوٹے۔

دل میں سوراخ۔ اعصابی تحریک ہے۔ جنطیانہ، مرچ ترکی، آملہ، زعفران کا سفوف۔ بچوں کو 2 سے 4 رتی دن میں تین مرتبہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔ 3 ماہ کا علاج ہے۔

4.5 ملین۔ سونٹھ، کالی مرچ، نمک سیاہ، نوشادر، اسطوخودوس، پپلا مول۔ ہر واحد 10 گرام، سہاگہ سفید، سورنجاں تلخ و شیریں۔ ہر واحد 2 تولہ، برگ مدار، میٹھا سوڈا ہر ایک 3 تولہ، ہلدی، سنا مکی، ریوند خطائی ہر واحد 6 تولہ۔ **خوراک۔** 700 ملی گرام صبح، شام تقریباً ڈیڑھ ماشہ۔

بچے کی ناک سے لیس دار رطوبت۔ سفوف مفید عام دیں۔

زبردست مولد حرارت۔ بارہ سنگھا 20 گرام، شنگرف 20 گرام، اذراقی 10 گرام، رائی 50 گرام، نخودی گولی 1 سے 2 حسب ضرورت دیں۔ دمہ اعصابی ہو یا عضلاتی ہو مفید ہے۔ حرارت میں کمی کے لیے جوانوں کو دیں، جماؤ، کندھوں میں کمزوری شوگر والے مریض اکثر شکایت کرتے ہیں کہ مجھ سے 5 کلو وزن بھی نہیں اٹھایا جاتا۔ ایسے مریضوں کے لیے آب حیات ہے۔

سوال۔ مریض کے دل کا والو بند ہے۔ دوسرے مریض کی دل کو سپلائی کرنے والی نالی بند ہے کیا سد باب جائے؟

جواب۔ خون کی نالیاں خشکی سردی کے سبب بند ہوتی ہیں۔ علاج کے لیے حرارت بڑھائیں۔ دل کے والو اور نالیوں کے لیے یہ نسخہ دیں۔

نسخہ۔ تخم کرفس، تخم سبقی، خردل سفید، پودینہ، بابونہ، مصبر فارسی۔ ہم وزن میں تین گنا شہد ملا کر ایک چھوٹا چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

نسخہ۔ اجوائن دیسی 10 گرام، کوڑ تمہ 5 گرام، مگھاں 10 گرام۔ کھانے کے بعد پانچ سو ملی گرام کا کیپسول صبح، دوپہر، شام بعد دیں۔

قاطع سودا خشکی ہے۔ رکے ہوئے سدّوں کو خارج کرتا ہے۔ ملین 4 اور ملین 5 بعد از غذا کے مسلسل کھلانا کشادگی قلب کے لیے مفید ہے۔ اگر ان ادویات میں مناسب مقدار زعفران ملا لیں تو یقیناً شفا کی صورتیں پیدا ہو جائیں گی۔ غذا گرم دیں۔ دیسی مرغی کی یخنی نافع ہے۔

فارما کوپیا قانون مفرد اعضاء از صابر ملتانی

محرک نمبر 1۔ قلمی شورہ، تخم کاسنی، جو کھار ہم وزن 1 تا 3 گرام۔

ملین 1۔ محرک اور گل سرخ ہم وزن 1 تا 3 گرام۔

مسہل 1۔ ملین اور کالا دانہ (عشق پیاں) ہم وزن 1 تا 3 گرام۔

تریاق نمبر 1۔ افیون 1 گرام، لوبان کوڑیا، قند سفید ایک تولہ آدھی رتی سے ایک گرام تک۔

اکسیر 1۔ کشتہ قلعی، طباشیر، الائچی کلاں ہر واحد تولہ کشتہ نقرہ 3 گرام 4 رتی۔ پانچ سو ملی گرام کا کیپسول۔

تریاق نمبر 1۔ تخم دھتورا سیاہ، اجوائن خراسانی، لوبان کوڑیا، ہر واحد 1 تولہ، چینی 4 تولہ۔ **خوراک۔** 1 گرام۔

مقوی نمبر 1۔ گاؤ زبان، ابریشم صاف، دھنیا، ہر واحد 100 گرام، صندل سفید 50 گرام، الائچی خورد 10 گرام، عرق گلاب 2 کلو، آب کینو آدھا کلو چینی 2 کلو، رات کو بھگو کر صبح قوام کو گھوٹ لیں۔ **خوراک۔** 5 تا 9 گرام۔

جوشاندہ نمبر 1۔ بہی دانہ 3 گرام، تخم خبازی، تخم کاسنی، تخم خیارین 6 گرام۔ ہر واحد چینی حسب ضرورت۔

روغن نمبر 1۔ میٹھا تیلیا 5 گرام، کافور 20 گرام، روغن تارپین 40 گرام، کیسٹر آئل پاؤ۔

محرک 2۔ مغز کرنجوہ، آملہ، پھٹکڑی بریاں ہر واحد 5 تولہ 1 تا 3 گرام ۔

ملین 2۔ محرک میں ہلیلہ سیاہ بریاں برابر وزن ملا دیں 1 30 گرام۔

مسہل 2۔ ملین مین ہرڑ جلا بہ 20 تولہ۔

اکسیر 2۔ اسم الفار 1 گرام، کشتہ چاندی 20 گرام ایک چاول سے 1 رتی (10 تا) اکسیر 2 سم الفار 3 گرام، کشتہ چاندی 6 گرام، ہلیلہ سیاہ بریاں 150 گرام حب دانہ مونگ۔

اکسیر 2۔ سم الفار 1 گرام، کشتہ فولاد 100 گرام، ہلیلہ سیاہ بریاں 150 گرام حب دانہ مونگ۔

تریاق 2۔ سرمہ سیاہ 1 تولہ، چھلکا ریٹھا 9 تولہ۔ **خوراک۔** ایک رتی تا ایک گرام۔

مقوی 2۔ پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، کالی ہرڑ، آملہ، بسفائج، اسطوخودوس، کشمش، منقی، ہر واحد 2 تولہ، کشتہ فولاد 10 گرام، روغن بادام 100 گرام، چینی ایک کلو۔ **خوراک۔** 5 گرام سے 10 گرام۔

روغن 2۔ سفید تلوں کا تیل 70 گرام، روغن صندل 10 گرام۔

کشتہ شاخ مرجان، دو مکھن 5 صرف در عرق گلاب شیب زہر مہر خطائی۔ عطبق قلعی مد ٹھیک، یواحد، 1 تولہ، کٹول، گڑ 50 گرام۔

ڈائری سے نہیں پڑھا جا رہا۔

محرک 3۔ لونگ 10 گرام، جاوتری 20 گرام، دار چینی 30 گرام۔ **خوراک۔** آدھا ماشہ سے ایک ماشہ تک۔

ملین 3۔ محرک 3 میں مصبر 60 گرام شامل کریں۔ **خوراک۔** آدھا ماشہ سے ایک ماشہ تک۔

مسہل 3۔ ملین 3 میں کوڑ تمہ 10 گرام شامل کریں۔ **خوراک۔** آدھا ماشہ سے ایک ماشہ تک۔

حب قبض کشا۔ غاریقون، مصبر، کوڑ تمہ، رائی۔ ہم وزن۔ **خوراک۔** نخودی گولی۔

اکسیر 3۔ شنگرف 1 تولہ، مر مکی 3 تولہ۔ **خوراک۔** 1 رتی۔

تریاق 3۔ اجوائن دیسی ایک پاؤ، تیزاب گندھک 50 گرام۔ **خوراک۔** نخودی گولی۔

مقوی 3۔ کچلہ مدبر، جائفل، جاوتری، لونگ، دار چینی، خولنجاں، بالچھڑ، افسنتین، ہر واحد 10 گرام، شہد 3 پاؤ۔ **خوراک۔** ایک گرام تین بار یومیہ۔

مقوی 3۔ بغیر شہد 30 گرام، کچلہ 10 گرام۔ **خوراک۔** نخودی گولی۔

جوشاندہ 3۔ زوفا، سبوس گندم، پرسیاشاؤں ہر ایک 6 گرام، انجیر 2 عدد، پانی حسب ضرورت۔ ابال کر استعمال کریں۔

روغن 3۔ مالکنگنی 5 تولہ، کچلہ زندہ 1 تولہ، لونگ 1 تولہ، تلوں کا تیل ایک پاؤ، کوفتہ بیختہ کر کے تیل میں جلا لیں۔ گنٹھیا پر مالش مفید ہے۔

محرک 4۔ اجوائن دیسی، تیز پات، رائی۔ ہر ایک 40 گرام۔ **خوراک۔** ایک گرام۔

ملین 4۔ محرک 4 میں گندھک 120 گرام ملا دیں۔ **خوراک۔** ایک گرام۔

مسہل 4۔ ملین 4 میں مغز جمال گوٹہ 10 گرام ملا دیں۔

اکسیر 4۔ پارہ 10 گرام، گندھک آملہ سار 120 گرام۔ **خوراک۔** ایک رتی۔

تریاق 4۔ سرخ مرچ 50 گرام، رائی 100 گرام۔ **خوراک۔** حب نخودی ایک رتی سے 4 رتی۔

جوشاندہ 4۔ اجوائن دیسی 3 گرام، تیز پات 6 گرام، رائی 6 گرام، چینی حسب ضرورت۔

روغن 4۔ ست اجوائن 10 گرام، ست پودینہ 5 گرام، روغن تارپین 40 گرام، روغن تارا میرا پاؤ۔

مقوی 4۔ مربہ آملہ 100 گرام، سونٹھ، پودینہ، اجوائن، کالی مرچ، مصطگی، مگھاں، عقر قرحا، سونف، زیرہ سیاہ، ہر ایک 25 گرام، زعفران 9 گرام، چینی 2 گنا، شہد برابر وزن ادویہ۔ قوام تیار کریں۔ **خوراک۔** 6 گرام تین مرتبہ۔

محرک 5۔ سونٹھ 50 گرام، نوشادر ٹھیکری 30 گرام، کالی مرچ 10 گرام۔ **خوراک۔** 4 رتی سے ایک گرام تک۔

ملین 5۔ محرک 5 میں سنا مکی 80 گرام کا اضافہ کریں۔ **خوراک۔** ایک رتی سے 3 گرام تک۔

مسہل 5۔ ملین 5 میں ریوند عصارہ 5 تولہ کا اضافہ کریں۔ **خوراک۔** ایک رتی سے ایک گرام تک۔

تریاق 5۔ سہاگہ سفید بریاں 70 گرام، سونٹھ 50 گرام، پپلا مول 30 گرام، شیر مدار/آک کا دودھ 20 گرام۔ **خوراک۔** 2 سے 4 رتی تک۔

مقوی 5۔ مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز بادام، مغز فندق، تل، مغز خربوزہ، مغز خیارین، مغز بنولہ ثعلب مصری، تخم گاجر، تخم پیاز، ہر واحد 2 تولہ، شہد 3 گنا۔ **خوراک۔** 6 تا 9 گرام تک۔

جوشاندہ 5۔ افتیمون، سونف، سونٹھ، ہر ایک 6 گرام۔ ابال کر استعمال کریں۔

روغن 5۔ مشک کافور 20 گرام، ست پودینہ 10 گرام، کیسٹر آئل پاؤ، تارپین 4 تولہ۔

محرک 6۔ ملٹھی 70 گرام، سہاگہ بریاں 70 گرام، شیر مدار/آک کا دودھ 5 گرام۔ **خوراک۔** ایک تا 3 گرام۔

ملین 6۔ محرک 6 اور ریوند خطائی 145 گرام۔ **خوراک۔** ایک تا 3 گرام۔

مسہل 6۔ ملین 6 اور سقمونیا 10 گرام۔

اکسیر 6۔ حجر الیہود/سنگ یہود، کہربا شمعی، نوشادر، الائچی خورد، ہر ایک 6 گرام، چینی 40 گرام۔ **خوراک۔** ایک تا 3 گرام۔

تریاق 6۔ ہلدی 150 گرام، شیر مدار/آک کا دودھ 10 گرام۔ **خوراک۔** حب نخودی۔

تریاق 6۔ ہلدی 150 گرام، شیر مدار/آک کا دودھ 10 گرام، ریٹھا 20 گرام۔ **خوراک۔** حب نخودی۔

مقوی 6۔ میدہ گندم، تخم کدو تخم خربوزہ، صمغ عربی، ہر ایک 100 گرام، دیسی گھی 200 گرام، دودھ 2 کلو۔ کھویا بنا لیں۔ 50 گرام صبح، شام۔

جوشاندہ 6۔ ملٹھی، ریشم صاف شدہ، گاؤ زبان، خطمی، گل سرخ۔ ہر ایک 5 گرام، برگ بانسہ 10 گرام۔

تیل نمبر 6۔ شیر مدار/آک کا دودھ 50 گرام، کافور 10 گرام، روغن تارپین 20 گرام، تیل تل پاؤ۔

تریاق بواسیر۔ چھلکا ریٹھا 1 تولہ، تارا میرا 5 تولہ، شیر مدار/آک کا دودھ 3 گرام۔ **خوراک۔** حب نخودی۔

محرک غدد۔ جمال گوٹہ 3 دانہ، نمک سفید 50 گرام، گندھک 100 گرام۔ **خوراک۔** 4 رتی تا ایک گرام۔

محرک غدد و جاذبہ۔ ملین 2، ملین 3، ملین 4۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک تا 2 گرام۔

محرک غدد ناقلہ۔ ملین 5 اور تریاق 6، اعصابی کھار ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک تا 3 گرام۔

تریاق اکبر۔ ہلدی 3 تولہ، رائی 2 تولہ، چھلکا ریٹھا 1 تولہ۔ **خوراک۔** ایک گرام۔

حب صابر۔ گندھک، رائی، کوڑ تمہ۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** نخودی گولی۔

حب صابر جدید۔ گندھک، رائی، کوڑ تمہ، اجوائن، میگنیشیم سالٹ (نمک خاص)۔ سب ہم وزن۔ نخودی گولی۔

دوا دمہ۔ کوڑ تمہ، سرخ مرچ، منقّی، ہم وزن۔ پھیپھڑوں میں جمی بلغم خارج کرتا ہے۔ ایک تا دو حب نخودی۔

تریاق صفرا۔ دودھ آک/مدار، نوشادر، سہاگہ بریاں ہر ایک 5 تولہ، ہلدی 10 تولہ۔ **خوراک۔** ایک حب نخودی۔

مقوی دماغ۔ دھنیا، خشخاش، مغز بادام، مغز بنولہ۔ سب ہم وزن۔ کمزوری ہو تو فولاد ملا دیں۔ خوراک چھ گرام صبح، شام۔

اکسیر بادیان۔ ہلدی، ملٹھی، سونف۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک تا دو گرام تک۔

پتھری توڑ جوشاندہ۔ سر پھوکہ، کلتھی، تخم کاسنی، تخم خربوزہ، تخم بھکڑا۔ ہر واحد دو تولہ، پانی 3 پاؤ، شکر ملا کر ابال لیں۔ 2 خوراکیں دیں۔

اکسیر جگر۔ نوشادر، قلمی شورہ، ریوند خطائی۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** 4 رتی تک۔

حب شفا۔ کالی مرچ 10 گرام، دھتورا سیاہ 30 گرام، ریوند چینی 20 گرام، گوند کتیرا 20 گرام۔ **خوراک۔** کالی مرچ کے برابر گولی۔

اگلے وقتوں میں دوائے غذائی کے طور پر السی، تل سیاہ، مغز اخروٹ اور گڑ کی پنیاں بنا کر روزانہ رات کو کھلائی جاتی تھیں۔ یہ ایک بڑا مولد حرارت غذائی مرکب تھا۔ خصوصاً بچوں کے لیے بے حد نفع بخش تھا۔ بول فل فراش (بول بستری)، ضعف امعاء کے لیے نفع بخش سودا ہے۔ اس کے علاوہ لونگ، دار چینی، سبز پتی کے قہوہ کو روزانہ پینے کی تلقین کریں۔ صبح خالی پیٹ پانی پینے کے رجحان کو روکیں۔ ترش پھل کھٹے جوس ٹھنڈے مشروبات سے منع کر دیں۔

مقوی 5۔ کالی مرچ، ریوند خطائی۔

سوال۔ جوان مریض، عمر 30 سال، طویل عرصہ تک مجلوق رہا ہے۔ نتیجتاً ذکات حس بہت زیادہ ہے۔ ہر وقت اخراج، نا مکمل انتشار، کمزور نظر، ثقل سماعت، چکر، تھکاوٹ کا شکار، سر کے بال جھڑ رہے ہیں، علاج کروا کر تنگ آیا ہوا ہے۔ موثر حل تجویز کریں۔

جواب۔ مریض کے لیے دعا کریں۔ علاج کے لیے قوت حرارت اور رطوبت کا مرکب استعمال کریں۔

جوارش نمبر 3، سفوف سدا جوانی، حب آنند رسائن استعمال کرائیں تاکہ اعصابی عضلاتی اور غدی قوتیں آہستہ آہستہ بیدار ہونا شروع ہو جائیں۔

حب رسائن دافع ضعف۔ کشتہ شنگرف 10 گرام، زعفران 10 گرام کشتہ فولاد 10 گرام، سلاجیت 10 گرام، اذراقی مدبر 20 گرام، جاوتری 20 گرام۔ **خوراک۔** ایک نخودی گولی صبح، دوپہر، شام۔

سفوف سدا جوانی۔ ثعلب مصری 50 گرام، موصلی سفید 50 گرام، مغز بنولہ 50 گرام، چھلکا اسپغول 50 گرام، کشتہ سنکھ 10 گرام، کشتہ قلعی 10 گرام، چینی ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک چمچ صبح، شام دودھ سے کھائیں۔

جوارش نمبر تین۔ لونگ، دار چینی، جائفل، جاوتری، حرمل، اذراقی، کالی مرچ، سنبل الطیب/بالچھڑ، خولنجاں/جڑ پان۔ سب ہم وزن اور شہد 3 گنا۔

ورم لوزتین/ٹانسلز (Tonsillitis)

عضلاتی تحریک اور غدی تسکین کا عارضہ ہے۔ **علاج۔** شدید 3 ایک حصہ اور اکسیر 4 ایک بٹا بیس حصہ ملا لیں۔ ایک ماشہ دن میں چار مرتبہ دیں۔ یا پھر شدید 4 اور سفوف عضلاتی سوزش مسلسل دیں جب تک مرض کا کلی طور پر ازالہ نہ ہو جائے۔

شدید 4۔ کلونجی، رائی، اجوائن، میتھی، ہالوں۔

سفوف برائے عضلاتی سوزش۔ گندھک 30 گرام، نوشادر 20 گرام، اجوائن دیسی 30 گرام۔ اکسیر 4 لے کر 5 گرام ملا کر ایک گرام دن میں تین بار دیں۔

اعصابی تحریک میں خون کی کمی۔

نسخہ۔ مغز کرنجوہ 3 تولہ، آملہ 1 تولہ، کالی ہرڑ 1 تولہ، پھٹکڑی 1 تولہ، پھلی کیکر 1 تولہ، کشتہ فولاد 1 تولہ۔

خوراک۔ ایک کیپسول دن میں تین مرتبہ دیتے جائیں۔

فوائد۔ بلغمی کھانسی، جریان مرد عورت، درد کمر، پرانا بخار، شوگر کی کمزوری میں مفید ہے۔

عضلاتی تحریک میں خون کی کمی۔

نسخہ۔ ہیرا کسیس یا کشتہ فولاد 10 گرام، سونٹھ 10 گرام، اجوائن دیسی 10 گرام، گندھک آملہ سار 20 گرام۔ بڑے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح، شام دیں۔

غدی تحریک میں خون کی کمی۔

نسخہ۔ کشتہ فولاد 10 گرام، ریوند خطائی 20 گرام، سونف 20 گرام، مگھاں 10 گرام، کالی مرچ 10 گرام، سونٹھ 10 گرام۔ بڑے کیپسول بھر لیں۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔

سوال۔ عورتوں کے چہرے پر بال اگنے کی وجہ اور علاج بتائیں۔

جواب۔ عضلاتی مزاج میں عورتوں کے چہرے پر بال اگتے ہیں۔ غدی عضلاتی ادویہ سے علاج کریں۔ دوسری وجہ مرد کا خون عورت کو لگا دیا جائے۔ عورت اور مرد کے خون میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ عورت ہی کا خون عورت کو لگایا جائے۔ کھیل کود کرنے والی عورتوں میں بھی چہرے کے بال اگتے ہیں۔

سوال۔ ٹی بی کے مریضوں کو جب 6 تریاق دیا جائے تو متلی کی کیفیت ہو جاتی ہے۔ حل بتائیں۔

جواب۔ میں اکثر خود 6 تریاق کثرت سے استعمال کرتا ہوں۔ ہیپاٹائیٹس، پس سیلز Erythrocyte Sedimentation Rate (ESR) میں دیتا ہوں۔ لیکن شکایت کم ہوتی ہے۔ نسبت 1 سے 15 ہونی چاہیے۔ جنوری، فروری کے مہینوں میں استعمال ہونے میں شیر مدار گاڑھا ہوتا ہے تو نسبت 1 سے 20 کی کر دی جائے۔ ساتھ میں 5 شدید دینا بھی اس کا حل ہے۔

الرجی کی پہچان اور علاج

اگر خارش خشک ہے تو یہ عضلاتی تحریک ہے۔ **علاج۔** تریاق معدہ و امعاء دیں۔

اگر مریض کے جسم پر دھپڑ پڑ جاتے ہیں، جلد سرخ ہو کر پھول جاتی ہے تو یہ غدی تحریک ہے۔ **علاج۔** چھ ملین، ایک ملین، مفرح شاہی دیں۔

اعصابی الرجی جو پانی لگنے سے زیادہ ہو۔ **علاج۔** جوارش املی، مقوی خاص، تریاق 3 یقینی علاج ہے۔

جلد کی دانے دار الرجی اور پرانی خارش

دار چکنا 7 گرام، گلیسرین بڑی شیشی باریک کر کے یکجان کر لیں۔ پانی ڈال کر کل وزن 750 گرام ہو جائے، مذکورہ لوشن کی مالش کریں۔ 15 منٹ بعد تیل سرسوں اور پانی برابر وزن ملا ہوا مالش کریں۔ چند یوم میں نشان تک مٹاتا ہے۔

خوردنی نسخہ۔ عناب 100 گرام، برہم ڈنڈی، منڈی بوٹی، جوانسہ ، دھماسہ، پاپڑہ، ہر واحد 25 گرام۔ 14 خوراکیں بنائیں۔ شام کو گرم پانی کے کپ میں ایک پڑی ڈال دیں۔ صبح پن کر پی لیں۔

سوال۔ عورتوں کے جسم پر، ٹانگوں پر سیاہ دھبے جیسے چوٹ آئی ہو کیا علاج کیا جائے۔

جواب۔ وریدی خون جب عروق شعریہ میں رک جاتا ہے تو پریشر بڑھنے سے عروق پھٹ جاتی ہیں ، وریدی نظام جگر سے جڑا ہوا ہے۔ 5 ملین، جوارش کمونی اور ایک ملین سے علاج ہو گا۔

تلی بڑھنے کی تحریک کی پہچان

اعصابی تحریک سے بڑھے تو خون کی سرخی کم ہوتی ہے۔ 3 تریاق، حب فولادی سے علاج کریں۔

غدی تحریک میں تلی بڑھے تو چہرے پر بھر بھراہٹ خون سیاہی مائل سرخ ہو گا۔ علاج کے لیے 5 مسہل، ایک ملین، شاہی دیں۔

فنگس یعنی جلد کا گلنا (Fungus)

تری سردی کی تحریک ہے۔ 2 ملین، 3 شدید، 4 ملین اندرونی دوائی کے طور پر استعمال کروائیں۔ بیرونی استعمال کے لیے پھٹکڑی 20 گرام، نیلا تھوتھا 5 گرام، سونٹھ 10 گرام، سنگ جراحت 50 گرام، ساری چیزوں کو ملا کر بھوں لیں اور سفوف بنا لیں۔ یہ سفوف مقامی طور پر لگانے سے ہر قسم کی فنگس کو آرام آ جاتا ہے۔

لقوہ کی پہچان اور علاج۔

بائیں آنکھ کھل جائے تو بائیں طرف کا لقوہ کہلائے گا اور اگر دائیں طرف والی آنکھ کھل جائے تو دائیں طرف کا لقوہ کہلائے گا۔

علاج۔ بائیں طرف کا لقوہ کے لیے معجون اذراقی اور 3 شدید دیں۔ دائیں طرف کا لقوہ حرارت کی زیادتی، ہائی بلڈ پریشر ہو گا۔ تو ٹھنڈی اشیاء سے علاج کریں۔ مقوی شاہی، 6 شدید، شربت بزوری سے دیں۔

جوڑوں کے درد کے لیے جرمن ہومیو پیتھک قطرے۔

Symphytum 200 کے 10 قطرے صبح، شام۔

ھوالشافی: استاد محترم حکیم عبد الرشید صاحب کا نسخہ برائے بواسیر

نسخہ 1۔ گودا املتاس 50 گرام، رس انڈیا 50 گرام، منقی 50 گرام، ملین نمبر 5 میں سے 50 گرام لے کر نخودی گولی تین بار یومیہ۔

نسخہ 2۔ سہاگہ 50 گرام، رس انڈیا 50 گرام، بیر برابر گولی اندرونی طور پر استعمال کریں۔ پانی سے ہاتھ پر مل کر اندرونی طور پر لگائیں۔ جلن کو فوری ختم کرے۔

ڈاکٹر مختار احمد پیر محل کا نسخہ برائے نزلہ زکام۔

نسخہ۔ بید مشک 700 گرام، ملٹھی 700 گرام، بنفشہ 100 گرام، سونف 100 گرام، بانسہ 500 گرام، بالچھڑ 500 گرام، سفیدہ 100 گرام، چینی 500 گرام، پتی چائے 500 گرام۔ باریک کر کے ایک چمچ ایک کپ پانی میں ابال کر پی لیں۔ سات دن تک استعمال کرائیں۔ نزلہ، زکام ان شاء اللہ ختم کرے گا۔

اعصابی اٹھراہ کے لیے یوٹرال

نسخہ۔ فولاد 10 گرام، سلاجیت صاف شدہ 10 گرام، صدف 30 گرام، گوند کتیرا 50 گرام، گوند پلاس 30 گرام، آملہ 50 گرام، دار چینی 50 گرام، الائچی کلاں 50 گرام، کشتہ قلعی 20 گرام۔ تمام کو ملا کر پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ صبح، شام ایک کیپسول استعمال کریں۔ اعصابی اٹھراہ کے لیے یہ نسخہ نہایت کامیاب ہے۔ لیکوریا اور جریان کے لیے مفید ہے۔

یورک ایسڈ کے لیے

نسخہ۔ حرمل سوختہ، سورنجاں شیریں، سورنجاں تلخ، مصبر۔ ہم وزن لے کر نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی ہر 2 گھنٹے بعد دیں، درد کم ہونے پر وقفہ بڑھا دیں۔ شدید 5، ملین 5 یا تریاق 5 کا اضافہ جائز ہے۔ پین کلر بھی دیں۔ غذا میں سبزی، گوشت ملا کر دیا جائے، بہت جلد بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔

زیرہ سفید سفوف (پیر جمیل ساقی)

نسخہ۔ زیرہ سفید 3 تولہ، گلاب سرخ 2 تولہ، قلمی شورہ 2 تولہ، صندل سفید 2 تولہ، مصری 3 تولہ۔ مزاج اعصابی عضلاتی ہے۔ سوزش بول میں زبردست فوائد کا حامل ہے۔ **خوراک۔** ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک تین بار یومیہ۔

سفوف مغلیہ۔ زیرہ سفید 5 تولہ، موصلی سفید 5 تولہ، ستاور 5 تولہ، تالمکھانہ بنگالی 3 تولہ، اسگند 5 تولہ، کوزہ مصری 20 تولہ۔ صبح، شام ایک تا دو ماشہ نیم گرام دودھ سے دیں۔ مولد منی کا سر تاج نسخہ ہے۔ جراثیم منویہ پیدا ہوں اور قابل اولاد بنائے۔ اعصابی غدی مزاج ہے۔

آبشار۔ زیرہ سفید 10 تولہ، سونف 10 تولہ، بدھاری قند 5 تولہ، ستاور 5 تولہ، تخم مولی 5 تولہ، مصری 10 تولہ۔ **خوراک۔** ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ نیم گرام دودھ۔ سوزش بول میں اور عورتوں میں دودھ کی کمی کو مفید ہے۔ ان شاء اللہ۔

ہاضم خاص۔ زیرہ سفید 5 تولہ، دھنیا 5 تولہ، نفاع/پودینہ 5 تولہ، نانخواہ/اجوائن دیسی 5 تولہ، نوشادر ٹھیکری اڑھائی تولہ، میٹھا سوڈا 5 تولہ، سونف 5 تولہ، ملٹھی 5 تولہ۔ **خوراک۔** ایک ماشہ بند بھوک میں پہلے دیں اور بھوک ٹھیک ہو تو کھانے کے بعد دیں۔

معدہ کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ خشک کھانسی میں بھی دیں۔

خونی پیچش اور مانع خون

نسخہ۔ زیرہ سیاہ 2 تولہ، سونف 3 تولہ، ملٹھی 2 تولہ، ہلدی 2 تولہ، گل سرخ 2 تولہ۔ راقم کے ذاتی خیال میں ست ملٹھی استعمال کرنا بہتر ہے۔ تمام کو باریک کر کے ایک سے دو ماشہ تین مرتبہ یومیہ دینے سے خونی پیچش، مروڑ اور گیس کے لیے مفید ہے۔

سفوف اسپند مرکب۔ کلونجی 50 گرام، حرمل بھنی ہوئی 50 گرام، دیسی اجوائن 100 گرام۔ **خوراک۔** آدھی چمچ تین مرتبہ یومیہ۔

حب اسپندین برائے ذکاوت حس۔ اعصابی ملیریا بخار کی وجہ سے بھوک اڑ جائے تو یہ ذیل کا سفوف دینے سے دوبارہ بھوک جاگ اٹھتی ہے۔ کلونجی 30 گرام، پوست ہرڑ کابلی 30 گرام، سونٹھ 60 گرام، اجوائن دیسی 60 گرام۔ **خوراک۔** آدھی چمچ تین مرتبہ یومیہ دیں۔

بھوک جب اعصابی تحریک میں بند ہو اور خوراک سے نفرت ہو تو عضلاتی اعصابی ملین دو گولیاں تین مرتبہ یومیہ، اسپند مرکب آدھی چمچ تین مرتبہ یومیہ دینے سے مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

بھوک کا احساس ختم نہ ہونا اور خوراک ہر وقت کا لالچ تیزابی تحریک کی وجہ سے ہوتا ہے۔ تریاق معدہ، اکسیر بادیان دینے سے نارمل ہو جائے۔

دائمی قبض عضلاتی اعصابی تحریک کا نتیجہ ہے۔ اجوائن دیسی، کالا نمک، کلونجی، کوڑ تمہ، سنا مکی۔ **خوراک۔** دو عدد نخودی گولیاں تین مرتبہ دینے سے دائمی قبض ختم ہو جاتی ہے۔ احتلام اور تبخیر کو بھی مجرب ہے۔

غدی قبض شدید نہیں ہوتی۔ سہاگہ بریاں 20 گرام، ملٹھی 30 گرام، بنفشہ 30 گرام۔ **خوراک۔** ایک سے تین گرام دینے سے اعصابی تحریک پیدا ہو جاتی ہے۔ غدی قبض دور ہوتی ہے اور سوزش دور ہوتی ہے۔

اعصابی قبض کے لیے عضلاتی ملین دینا ہو گا۔ کالی ہرڑ، کالا دانا۔ سب ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک رتی سے ایک ماشہ تک عضلات کو تحریک دے کر قبض دور کرے۔

اکسیر ورم۔ سونف 10 گرام، ملٹھی 10 گرام، ہلدی 10 گرام، ریوند خطائی 30 گرام۔ نخودی گولی۔

حب وجع المفاصل۔ نوشادر 10 گرام، کوڑ تمہ 20 گرم، مصبر 20 گرام، سونٹھ 50 گرام۔ نخودی گولی۔

تریاق معدہ۔ اجوائن 20 گرام، پودینہ 10 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام۔ باریک سفوف آدھی چمچ تین مرتبہ یومیہ۔

حب دار احسان۔ کالا نمک، سونٹھ، سہاگہ، ہینگ۔ سب ہم وزن۔ سہانجنا کے پانی سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

اعصابی مسہل۔ ملٹھی 8 گرام، سہاگہ 7 گرام، ریوند عصارہ 1 حصہ کے اڑھائی سو ملی گرام والے کیپسول بنا کر دیں۔

اکسیر ہیپاٹائٹس۔ ہلدی، برگ مدار۔ ہم وزن۔ باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

حب ملیریا۔ مغز کرنجوہ 50 گرام، لونگ مدار 50 گرام، ہڑتال ورقیہ 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام۔ نیم کے پتوں کے پانی میں دو رتی کی گولیاں تیار کریں۔ دو گولی بخار سے پہلے دودھ سے دیں۔ مزاج غدی اعصابی ہے۔

چٹکی برائے خرابی گلا۔ الائچی خورد، نمک سفید، کالی مرچ۔ چٹکی بھر چوسیں گلے کی خرابی دور ہو جائے گی۔

درد گردہ مثانہ۔ اکسیر ورم ایک گولی دن میں تین مرتبہ، 6 ملین ایک گولی تین مرتبہ۔

موہکے۔ تریاق معدہ نصف چمچ تین مرتبہ، 4 اکسیر دو رتی تین مرتبہ یومیہ۔

لو بلڈ پریشر۔ دار الشفاء چارے نمک کلو، دیسی اجوائن آدھا کلو، پودینہ خشک آدھا کلو، دانہ الائچی کلاں ایک پاؤ، نوشادر 120 گرام، سونٹھ ایک پاؤ، میٹھا سوڈا ایک کلو، کالی مرچ دو پاؤ۔

سفوف سونٹھ۔ ہلدی پاؤ، زیرہ سفید پاؤ، سوڈا میٹھا پاؤ، نوشادر پاؤ، سونٹھ 100 گرام، فلفل سیاہ 100 گرام، نمک سیاہ 100 گرام۔

افضل منجن۔ مرچ سیاہ، عقر قرحا، نمک سیاہ، لونگ، پھٹکڑی سفید، کتھ، مائیں، ماجو۔

غدی اور عضلاتی کھانسی کے لیے یکساں مفید۔

نسخہ۔ راکھ چرچٹہ 300 گرام، چینی 600 گرام، کالی مرچ 100 گرام۔ **خوراک۔** تین گرام صبح، شام۔ نسخہ کا مزاج تر گرم ہے۔

کریٹی نین خارج، بلڈ یوریا کم 24 گھنٹے میں فرق۔ ہلدی 10 گرام، آملہ 10 گرام، چینی 20 گرام۔

درد گردہ کے لیے۔ دو گرام 5 منٹ میں فرق۔ اگر پتھری چنے کے برابر ہو تو ایک چمچ دو گلاس نیم گرم پانی سے ایک گھنٹہ میں پتھری خارج۔ گردہ فیل ہونے کی صورت میں دو گرام تین مرتبہ اعصابی خوراک سے دیں۔

معدہ کا السر۔ اکسیر بادیان، تریاق معدہ ملا کر ایک چمچ تین مرتبہ یومیہ۔ ناشتہ جو کا دلیہ شہد ملا کر استعمال کرائیں۔

شربت مصفی خون۔ زخم حیات 200 گرام، پوست درخت نیم 50 گرام، جڑ کوڑ تمہ 50 گرام، پوست ششم 50 گرام، پوست سرس 50 گرام، چینی 3 کلو۔ شربت بنا کر دو چمچ تین مرتبہ یومیہ پانی میں ملا کر لیں۔ آتشک، پھوڑا پھنسی، خارش، داد، چنبل۔

ماہواری کا رک جانا۔ برگ مدار سبز پتے (پتے کچے نہ ہوں) تین کلو دھو کر خشک کر لیں۔ کاٹ لیں اور باریک کر لیں۔ تین کلو پانی ڈال کر سونٹھ 50 گرام باریک کر لیں یا در درا کر کے ڈال دیں پھر آگ جلا دیں۔ جو بچے گڑ تین سالہ 150 گرام ڈال دیں۔ کوٹ کر کالی مرچ برابر گولیاں بنا دیں۔ مزاج اعصابی غدی ہے۔ صبح، شام ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔ بندش حیض کے لیے سونف کے قہوہ سے دیں۔

غدی، عضلاتی دمہ کو مفید۔ برگ آک، کالی مرچ، نمک سانبھر۔ سب ہم وزن۔ کالی مرچ برابر گولی تین مرتبہ یومیہ۔

بیان 35 (میڈیکل دوائی)۔ چہرے پر سے غیر ضروری بال ختم، وغیرہ، وغیرہ۔

شوگر اعصابی۔ حب صابر (2+2+2) اور تریاق تبخیر (1+1+1) حب سرخ (1+1) سفوف اسپند مرکب آدھا چمچ صبح، شام غذا نمبر 2، نمبر 3، نمبر 4 دیں۔

ہیپاٹائٹس سی کے لیے۔ 5 ملین (2+2+2) اور 6 تریاق (1+1+1) اور اکسیر ورم (1+1) اور گاؤ دنتی 2 رتی (1+1)

اگر مریض کھانسی بتائے تو لعوق چنار شمبر ایک چمچ گرم پانی سے صبح، شام دیں۔

عسر الطمث اور ورم رحم 100٪ رزلٹ۔ ریوند خطائی، نوشادر، پھٹکڑی ہم وزن 3 گرام، تین بار یومیہ ایک یا دو جلاب آئیں گے لیکن گھبرائیں نہیں۔

کثرت الطمث۔ سنگ جراحت 80 گرام، گندھک آملہ سار 30 گرام، اجوائن 30 گرام، نوشادر 20 گرام یک جان کر لیں۔ دو سے تین گرام ہمراہ شربت انجبار۔

گنٹھیا۔ بھلاوہ 50 گرام گھی میں جلا لیں، مغز اخروٹ 50 گرام، تل سیاہ 50 گرام، مقل 30 گرام، مالکنگنی، حرمل، لونگ، جاوتری، کچلہ مدبر ہر ایک 20 گرام، مصبر 10 گرام۔ **خوراک۔** ایک گرام تین مرتبہ یومیہ۔ دو ہفتوں تک درد زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔ علاج نہ چھوڑیں، انجیکشن لگ سکتے ہیں۔

دمہ اعصابی کا علاج۔ حب وجع المفاصل (2+2+2) دواء ضیق النفس/دمہ بلغمی 3 گرام۔ صبح، دوپہر، شام۔

صفراوی بخار اور غدی دمہ کا علاج۔ 5 ملین (2+2+2) اور اکسیر ورم (1+1) اور 6 تریاق (1+1+1) دیں۔

لعوق خیار سبز۔ عناب، سپستان، سونف، ملٹھی، ہر واحد ایک سو گرام، گودا املتاس 375 گرام، چینی اڑھائی کلو، 5 کلو پانی میں گودے کے علاوہ بھگو دیں۔ صبح کلو رہنے پر مل کر چھان لیں۔ گودا ملا کر رکھ دیں، شام کو لعوق کے قوام پر لائیں۔ ایک چمچ گرم پانی میں ملا کر غدی اور عضلاتی علامت میں دیں۔

بخار غدی۔ سہاگہ بریاں 20 گرام، ست ملٹھی 20 گرام، گندھک آملہ سار 30 گرام، کشتہ گاؤ دنتی 80 گرام۔ **خوراک۔** دو رتی کی گولی تین مرتبہ یومیہ دیں۔

مولد منی۔ ثعلب مصری، موصلی سفید، مغز بادام، مغز پستہ، چھلکا اسپغول، مغز کدو، جوہر خصیہ، ہر واحد 100 گرام، کشتہ نقرہ 40 گرام، کشتہ قلعی 80 گرام، مغز جیا پوتا 50 گرام۔ **خوراک۔** چھوٹا چمچ صبح، شام 40 یوم علاج کریں۔

عضلاتی دمہ۔ لعوق سبز ایک چمچ تین مرتبہ گرم پانی سے، 4 ملین آدھا چمچ تین مرتبہ۔

اسیر جگر۔ ریوند خطائی، قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری۔ سب برابر وزن۔ پونی چمچ تین مرتبہ یومیہ دیں۔

حب سرخ۔ سرخ رائی 50 گرام، ہینگ 40 گرام، کشتہ کچلہ 20 گرام، شنگرف 10 گرام۔ ایک گولی رتی برابر صبح، شام ہمراہ دودھ۔ فالج، لقوہ، درد اعصاب، نامردی کو مفید ہے۔ چنے برابر گولی۔

ضیق النفس بسی (عضلاتی دمہ)۔ ہلدی، ملٹھی، سونف، پیپلا مول، ہر واحد 15 گرام، دودھ آک 5 گرام۔ **خوراک۔** دو رتی چار مرتبہ یومیہ (125 ملی گرام)۔

درد مثانہ اور درد گردہ۔ اکسیر ورم ایک گولی (1+1+1) اور 6 ملین (1+1+1) ہمراہ شربت شہد دیں۔

یورک ایسڈ۔ حب سورنجاں ایک گولی دن میں تین مرتبہ۔ تریاق معدہ و امعاء نصف چمچ تین مرتبہ یومیہ، 5 ملین دو گولی تین مرتبہ یومیہ۔ اکسیر ہیپاٹائٹس ایک گولی تین مرتبہ یومیہ۔ غذا نمبر 1،6، 5 پر عمل کریں۔

حب سورنجاں۔ سونٹھ، اسگند، سورنجاں شیریں، مصبر، سب ہم وزن۔ نخودی گولی تین مرتبہ یومیہ۔

حب خرگوش۔ خرگوش ایک عدد صاف شدہ، نوشادر 200 گرام، قلمی شورہ 200 گرام، پھٹکڑی 200 گرام، اندر بھر کر سلائی کر دیں۔ گل حکمت ہانڈی میں ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ دو چاول تا ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر ڈبل روٹی شوربہ مرغی کا دیں۔ پتھری گردہ میں ہو یا مثانہ میں چند یوم میں ختم ہو جاتی ہے۔

بول بستری۔ کلونجی، اجوائن دیسی، جفت بلوط۔ ہم وزن۔ ایک ماشہ تین مرتبہ بچوں کو دینا مفید ہے۔

گردن کے پچھلے حصے پر درد والی گلٹی کے لیے۔ 5 مسہل دو گولی تین مرتبہ یومیہ۔ اعصابی مسہل ایک گولی تین مرتبہ یومیہ۔ اکسیر ورم ایک گولی دن میں 2 مرتبہ۔

کمر درد۔ سفوف اسپند مرکب آدھی چمچ تین مرتبہ یومیہ۔ حب دار الحسان ایک گولی صبح، شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

غدی اعصابی مسہل نمبر 5۔ سونٹھ 250 گرام، نوشادر 125 گرام، کالی مرچ 50 گرام، سنا مکی 400 گرام، ریوند عصارہ 50 گرام۔ نخودی گولی۔

خرابی گردہ غدی عضلاتی تحریک میں۔ 5 مسہل (1+1+1) اور تریاق گردہ اور 5 اکسیر اور تریاق 6۔ اگر جگر متاثر ہے تو اکسیر جگر صبح، شام دیں۔ چار دن دوائی دینے پر چیک کرائیں اگر مادے کم ہو رہے ہوں تو جاری رکھیں ورنہ ڈائیلاسز کا مشورہ دیں۔

ذیابیطس کبدی اور درد بول کے لیے۔ 5 مسہل گولی سہ بار، 5 ملین گولی سہ بار، 6 ملین گولی سہ بار، اکسیر ورم (1+1) دس دن بعد شوگر 530 سے 220 ہو گئی۔

ہچکی۔ عموماً اکسیر بادیان دو گولی تین مرتبہ یومیہ دینے سے رک جاتی ہے۔ اگر نہ رکے تو تریاق معدہ آدھی چمچ دینے سے رک جاتی ہے۔

حب ملیریا۔ مغز کرنجوہ 50 گرام، لونگ مدار 50 گرام، ہڑتال ورقیہ 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام۔ تمام دوائی نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔ دو گولی بخار سے پہلے دودھ سے دیں۔ غدی اعصابی مرکب ہے۔

موہکے۔ تریاق معدہ نصف چمچ دن میں تین بار، غدی عضلاتی اکسیر دو رتی دن میں تین بار دیں۔ موہکے مکمل چھڑ جائیں گے۔

کالی بوتل (نوٹ۔ سبز کونین دو گرام کافی ہے۔ زیادہ ہو تو الٹی آئے گی)

نسخہ۔ نوشادر ٹھیکری والا، قلمی شورہ، سبز کونین، پتری فولاد، ہر ایک 10 گرام، تیزاب گندھک 5 گرام، نمک 200 گرام، سوا کلو پانی ڈال کر دو تولہ صبح، شام استعمال کریں۔ عظم طحال کو از حد مفید ہے۔ اضافہ میٹھا سوڈا 10 گرام، ٹنکچر نکس وامیکا/کچلہ، کارڈ کو، زنجبیر ٹنکچر ہر واحد 5 گرام کا اضافہ کریں۔ جو کھار 10 گرام، مزید سونف کے عرق میں۔

شربت بانسہ۔ برگ بانسہ، ملٹھی ہر واحد 100 گرام، ملح النار 10 گرام، میٹھا سوڈا 25 گرام، ست نعناع 2 گرام۔

عضلاتی گنٹھیا کو مفید۔ تریاق معدہ آدھی چمچ سہ بار یومیہ، 5 ملین دو گولی سہ بار یومیہ، 5 تریاق ایک گولی تین بار، حب دار احسان ایک گولی دو بار دودھ سے دیں۔

سفوف مفرح جدید۔ دھنیا، چینی، چھلکا اسپغول، گوند کیکر۔ سب ہم وزن۔ آدھی چمچ چائے کے ساتھ صبح، شام۔

اسگند مرکب۔ اجوائن دیسی، پپلا مول، ہر ایک 15 گرام، سونٹھ، اسگند، بدھارا، ستاور، ہر ایک 30 گرام۔ باریک کر لیں۔ بذریعہ چینی نخودی گولی بنا دیں۔ دو گولی تین مرتبہ دودھ سے دیں۔

بلڈیوریا، سیرم کریٹی نین۔ 5 ملین (2+2+2) اور 5 اکسیر (1+1+1) اور اکسیر ہیپاٹائٹس (1+1+1) اور اکسیر دوم (1+1+1) پتھری توڑ خرگوش 2 چاول صبح، شام۔

امساکی۔ عود غرقی، تخم پپیتا، تخم بینگن ہر واحد 10 گرام، شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ سرعت انزال کے لیے ایک گولی صبح، شام جبکہ امساک کے لیے دو گولی شام کو ہمراہ دودھ۔

پٹی مجلوق۔ سم الفار اصلی 4 رتی، جمال گوٹہ 50 گرام، موم 50 گرام، ویزلین 50 گرام ملا کر آگ پر رکھ دیں۔ مائع ہونے پر اتار لیں، موٹے کپڑے پر لگا کر قضیب/عضو تناسل پر لگا دیں، صبح تک برداشت کریں۔ گھی وغیرہ لگاتے رہیں۔ چھالے ختم ہونے پر دوبارہ لگائیں۔ ہر قسم کی خرابی دور ہو گی۔

نمر گولی میڈیکل سٹور جلن کے لیے ایک دیں۔ وارن گولی درد کے لیے ایک دیں۔

عضلاتی اعصابی خسانده۔ زرشک شیریں، آلو بخارا، املی، انار دانہ، برگ کیکر، تر پھلا، ہر ایک 100 گرام۔ سرکہ انگوری ایک پاؤ، نو گلاس پانی ڈال کر بھگو دیں۔ صبح، دوپہر، شام ایک گلاس۔

ضیق النفس بلغمی۔ ملٹھی 40 گرام، رائی 20 گرام، کلونجی 20 گرام، کاکڑہ سنگی 80 گرام۔ **خوراک۔** تین گرام صبح، دوپہر، شام۔

نمک سولینی۔ کوڑ تمہ آدھا کلو، سونف کلو، پنیر آدھ کلو، سوئے آدھا کلو، اجوائن آدھا کلو، نوشادر پاؤ، کالی مرچ 300 گرام، ہڑی پورا کلو، نمک سیاہ کلو، نمک سفید 2 کلو، سالٹ آدھا کلو۔ **خوراک۔** برائے جانور 50 گرام۔

نسخہ پتھری توڑ۔ سنگ یہود، سنگ سر ماہی، الائچی کلاں، جو کھار، قلمی شورہ، چھوٹی الائچی۔ ہر واحد برابر وزن لے کر باریک کر کے رکھ لیں۔ درد پتہ، درد گردہ، مثانہ کی تکلیف کے لیے چھوٹا چمچ صبح، شام ہفتہ بھر شربت بزوری کے ہمراہ۔

مغلظ اعصابی۔ مدثر بورے والا۔

موصلی سفید، موصلی سیاہ، ثعلب مصری، بہمن سرخ، بہمن سفید، طباشیر، گوند کتیرا، گوند کیکر، چھوٹی الائچی، شقاقل مصری، ورق چاندی ایک دفتری، باقی اشیا ایک تولہ، چھلکا اسپغول 2 تولے۔ چھوٹا چمچ صبح، دوپہر، شام۔

نسخہ برائے رینگن۔ مصبر 60 گرام، تودری سفید، گوگل، پوست ہلیلہ زرد، بوزیدان 15 گرام، سورنجاں شیریں 15 گرام، انیسوں 15 گرام، سقمونیا 20 گرام۔ باریک کر کے کوار گندل کے گودے کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ **خوراک۔** ایک یا دو گولی شام کو دیں۔

سفوف نسخہ، ڈاکٹر شوکت، بصیر پور

زعفران، دار چینی، جند بیدستر، افیم، مصطگی رومی، عقر قرحا، سلاجیت، لونگ، ریگ ماہی، خراطین مصفی، کچلہ مدبر، ثعلب مصری، ہر واحد ایک تولہ، سم الفار 3 گرام۔ کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ شنگرف ایک تولہ بھی ڈال سکتے ہیں۔

تریاق تنجیر۔ لونگ 4 تولہ، جائفل 2 تولہ، دار چینی 2 تولہ، عقر قرحا 2 تولہ، فلفل دراز 4 تولہ، سونٹھ 4 تولہ۔

پس سیلز۔ طباشیر 1 تولہ، ست بیروزہ 1 تولہ، چھوٹی الائچی 1 تولہ، پھٹکڑی بریاں 1 تولہ، جو کھار 1 تولہ، قلمی شورہ 1 تولہ، سرد چینی 2 تولہ، روغن

صندل 1 تولہ، مصری 4 تولہ۔ ہمراہ شربت بزوری ایک ماشہ تین مرتبہ دیتے جائیں۔

روغن برائے ہڈی جوڑ۔ لونگ 50 گرام، دار چینی 50 گرام، رتن جوت 50 گرام، جاوتری 50 گرام، زعفران 5 گرام، تلوں کا تیل 600 گرام، زعفران کی جگہ مالکنگنی 100 گرام، کچلہ زندہ 50 گرام کا اضافہ کر دیں۔ ہلکی آگ پر پکائیں۔ پٹھوں کی طاقت بحال کرے، اترے ہوئے جوڑ کو جمائے، ہڈی کو جوڑنے میں معاون ہے۔

محافظ اطفال۔ پوست کو کنار 10 گرام، ستاور، موچرس 20 گرام۔ باریک کر کے چھوٹے بچوں کو ایک رتی تین مرتبہ یومیہ دیں۔

اعصابی اٹھراہ۔ تریاق 5 (چار والوں کا) ہلدی، ملٹھی، سہاگہ سفید، ہر واحد 100 گرام، شیر مدار 20 گرام۔ 500 ملی گرام دودھ گرم دن میں چار بار۔ یہ نسخہ غدی اٹھراہ کو مفید ہے (بقول راقم)۔ شنگرف 1 گولہ، مالکنگنی 5 گرام، کچلہ مدبر 5 گرام، لونگ 3 گرام، منقّٰی کی مدد سے نخودی گولی 1 سے 2 لونگ اور دار چینی کے قہوہ کے ساتھ۔

شادی کے لیے وظیفہ۔ ان شاء اللہ شادی ہو گی۔

چاند نظر آنے پر پہلے گیارہ دن 363 دفعہ سورۃ القصص کی چوبیسویں آیت پڑھیں۔ (رب انی لما انزلت الیا من خیر فقیر) ترجمہ (اے میرے رب! تو جو نعمت مجھ پر اتارے میں اس کا محتاج ہوں) پھر یہ دعا مانگیں۔ یا اللہ! تیری ذات پاک ہی اکیلی اچھی ہے بس تو مجھے دو کر دے۔ رات بھر پڑھتے رہیں۔ (بقول حضرت پیر ذوالفقار احمد نقشبندی، جھنگ والے)

قبل از وقت بالوں کی سفیدی کے لیے۔

یہ ایک اعصابی علامت ہے۔ عضلاتی اعصابی مقوی علاج ہے۔ حب فولاد بالوں کی خوراک ہے۔

نسخہ حب فولاد۔ مغز بادام 250 گرام، مغز کدو، مغز خیارین، مغز خربوزہ، مغز تربوز ہر ایک 60 گرام، پوست آملہ، پوست بہیڑہ، پوست ہریڑ، ہر ایک 40 گرام۔ سونف، دھنیا ہر ایک 125 گرام، خشخاش 80 گرام، کشتہ مرجان 50 گرام، کشتہ جست 50 گرام۔ **خوراک۔** ایک چمچ صبح، شام دودھ کے ساتھ۔

رعشہ۔ ہڑتال ورقیہ 1 تولہ، ڈیڑھ کلو نمک میں رکھ کر 20 گھنٹے گیس کی آگ دیں۔ کالی مرچ کے برابر صبح، شام دودھ سے دیں۔

کشتہ پارہ۔ پارہ 2 تولہ، شیر مدار 6 تولہ رگڑائی کریں۔ خشک ہونے پر یا چمک ختم ہونے پر گولی بنا کر ریوند چینی 40 گرام کی لیپ کریں۔ خشک ہونے پر سونا مکھی 40 گرام کی لیپ کریں۔ خشک کر کے 3 پھائی کی آگ دے دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہو گا۔ **خوراک۔** ایک رتی کی خوراک دیں۔

ھوالشافی۔ نسخہ برائے مرہم بواسیر۔ ویزلین 100 گرام، کافور 7 گرام، مصبر سیاہ 10 گرام۔

درد گردہ ان شاء اللہ پانچ منٹ میں بند ہو جائے۔ نوشادر ٹھیکری 120 گرام، کالی مرچ 20 گرام، گیرو 50 گرام، ست اجوائن 2 گرام، ست پودینہ 2 گرام، بڑی الائچی 20 گرام۔ **خوراک۔** ایک ماشہ پانی کے ساتھ گردہ کی سوزش کے لیے مفید ہے۔

تریاق بخار۔ قلمی شورہ 2 کلو، پھٹکڑی سفید 380 گرام، نوشادر ٹھیکری 380 گرام، سہاگہ بریاں 380 گرام، جو کھار 380 گرام، تمام کو موٹا کوٹ لیں۔ قلمی شورہ پہلے پانی ہو گا۔ خشک ہونے پر باریک کر لیں۔

جلتے ہاتھوں کے لیے۔

1۔ آک کے آموں کا سرہانہ 9 * 4 کا رات کو گردن کے نیچے رکھیں۔

2۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، دواء المسک معتدل جواہر دار، لبوب کبیر، جواہر مہرہ ایک سو گرام۔ تمام کو مکس کر لیں۔ ایک چمچ صبح، شام نیم گرم دودھ سے دیں۔

سیلان الرحم۔ گل سپاری، ہریڑ سیاہ بریاں دیسی گھی سے، تالمکھانہ، ستاور، موچرس، ہیرا کسیس، سب برابر وزن کر کے باریک کر لیں۔ دو سے تین گرام ہمراہ دودھ صبح، شام دیں۔ غذا عضلاتی دیں۔ سیلان کا یقینی علاج ہے۔ یہ نسخہ جریان اعصابی میں بھی دے سکتے ہیں (بذریعہ حکیم کفایت اللہ قمر مشانی، میانوالی)۔

اکسیر جگر (باباجی انور دامت برکاتہم)

انار کا پانی ایک کلو، فولاد کشتہ ہمدرد 50 گرام، پھٹکڑی بریاں 50 گرام، پوست آملہ صاف شدہ 400 گرام، سبز ہریڑ چھلکا 400 گرام، پوست بہیڑہ 400 گرام۔ **خوراک۔** ایک ماشہ صبح، شام۔

ممسک اعلی (حکیم عبد الرحمن عارفی، مروٹ)

لاجونتی 100 گرام، تالمکھانہ 100 گرام، اجوائن خراسانی 100 گرام، تخم دھتورا سیاہ 100 گرام، مشک کافور 50 گرام، کچلہ مدبر 50 گرام۔ چنے برابر گولیاں تیار کریں۔ لاجونتی لیس پیدا کرتی ہے لہذا بہترین گولی بنتی ہے۔ ایک گولی شام کو ہمراہ دودھ دیں۔

کریم دافع کیل مہاسے۔ ٹیکا پینسلین 2 عدد، ٹیرا ماکسین 6 کیپسول، مردار سنگ 50 گرام، ویزلین 50 گرام ملا کر رات کو چہرے پر لگائیں اور صبح دھو دیں۔ ہفتہ بھر لگا کر 4 دن کا وقفہ کر کے پھر لگائیں۔

دافع پیچش خونی وپیٹ درد۔ کالی ہریڑ بریاں سفوف 3 گرام، 5 قطرے امرت دھار ملا کر دیں۔ ان شاء اللہ ایک خوراک ہی کافی ہے۔

اکسیر بالچر۔ تُری لہسن 4 عدد، سرمہ سیاہ دو گرام، باریک کر کے بالچر کی جگہ لگائیں۔ دو منٹ جلن ہو گی۔ صبح دھو دیں۔ دو دن لگانا کافی ہے۔

بخار درد کے لیے۔ کیفین، فین ٹین ہر ایک دس گرام، ایسپرین 15 گرام چھوٹی الائچی 15 گرام، سورنجاں شیریں 25 گرام، گیرو 25 گرام، سوڈا سلی سلاس 25 گرام۔ تمام کو ملا دیں۔ **خوراک۔** ایک گرام دودھ پتی سے دیں۔ فوری اثر اور درد بخار دور ہو۔ ان شاء اللہ۔

حفاظت حمل۔ صدف صادق، کہربا شمعی، کشتہ مرجان، صندل سرخ، صندل سفید، طباشیر، ماجو، درونج عقربی، عود صلیب، ریشم صاف، جڑ انجبار، گل در سنی، مغز تربوز، خرفہ، زرنباد، الائچی خورد، دار چینی، جاوتری، ہر ایک تولہ، زعفران 6 ماشہ۔ نخودی گولی تمام حمل تک صبح، شام دیتے رہیں۔

قہوہ خاص۔ سونف، دار چینی، لونگ، الائچی خورد، گل سرخ، اسطوخودوس، گل بنفشہ، بادیان خطائی، برگ بانسہ، سب ایک گرام۔ دوائی گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔ نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، بال سفید، دمہ، ٹی بی والوں کو مفید ہے۔

اعصابی دردیں، (سلیم سمرا دینا پور)

اسگند ناگوری، سورنجاں شیریں، سونٹھ، بدھارا، ستور، سونف، ہر ایک 50 گرام، مصبر سیاہ 25 گرام۔ **خوراک۔** دو گرام صبح، شام۔

فیض ریح گنٹھیا۔ کوڑ تمہ، منقی۔ برابر وزن۔ چنے برابر گولی صبح، شام۔

شوگر ختم کورس۔ دھماسہ بوٹی، تخم جامن، کریلا جنگلی، کلونجی۔ سب برابر وزن باریک کر کے ایک چھوٹا چمچ صبح، شام دودھ سے۔

زخم شوگر۔ کرنجوہ، چاکسو۔ برابر وزن باریک کر لیں۔ ایک ماشہ کے کیپسول بنا لیں۔ صبح، دوپہر، شام ہفتہ بھر کھلائیں۔

پیشاب روک (عضلاتی اعصابی شدید)

تخم جامن، گری آم، تخم سرس، گوند کیکر، موچرس، پوست آملہ ہر واحد 50 گرام، دار چینی 25 گرام، کالا نمک 200 گرام، ست لیموں 5 گرام، ملا کر باریک کر لیں۔ آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام۔

تیل خارش۔ گندھک، مردار سنگ، کافور ہر واحد 10 گرام، تیل سرسوں آدھا پاؤ۔ باریک شدہ ملا کر مالش کریں۔%90 درست ہے۔ ان شاء اللہ۔

دوائی خارش۔ کرنجوہ 200 گرام، نوشادر ٹھیکری 100 گرام باریک کریں۔ ماشہ صبح، دوپہر، شام 15 یوم دیں۔15 یوم میں خارش چمبل کا خاتمہ، ایک ماہ بعد ہلکا پھلکا حملہ دوبارہ ہونے پر ایک کورس اور کرا دیں۔ عمر بھر کی ضمانت ہے۔ یہ نسخہ ناقص معلوم ہوتا ہے۔ %100 غلط ہے۔ رقم اور وقت ضائع کرنے والی بات ہے۔ حکیم محمد اقبال۔

عبد الواحد حکیم 04463763524

منقی 3 کلو دانے والا، سونٹھ 3 گرام، زعفران 3 گرام، لونگ 2 گرام، دار چینی 2 گرام، سنبل الطیب 1.75 گرام، تخم کاسنی 2 گرام، مصطگی رومی 2 گرام۔ باریک کر کے منقی ملا لیں۔ شہد 21 تولہ، پانی 9 لیٹر۔

حب کبربت۔ نمک سیاہ، فلفل سیاہ فلفل دراز، لونگ، نوشادر، جو کھار، ہر ایک 30 گرام، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، پوست آملہ، گندھک آملہ سار ہر ایک 50 گرام، ہینگ بریاں 10 گرام، ست لیموں 20 گرام، جڑ آک چھلکا 100 گرام۔ **طریقہ۔** سب کو آب لیموں اور آب ادرک میں بھگو دیں۔ خشک ہونے پر گھیکوار کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

نسخہ قوت۔ جند بیدستر، لونگ، ریگ ماہی، زعفران مقامی، جائفل ہر واحد 10 گرام، ستاور 50 گرام، باریک کر کے پانچ سو ملی گرام والے کیپسول تیار کریں۔ صبح، شام ایک کیپسول ہمراہ دودھ اس کے ساتھ ستاور باریک کر لیں۔ ایک چمچ صبح، شام استعمال کریں۔ اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو اجوائن خراسانی 5 گرام، بھنگ کے پتے 15 گرام ملا لیں اور لونگ نکال دیں۔

خرابی گردہ بوجہ گرمی خشکی، بول خونی

مغز کدو، اجوائن خراسانی، تخم خرفہ، خطمی، خبازی، بادام، گوند کتیرا، ملٹھی، خشخاش، کرفس۔ ہر ایک 50 گرام، تخم خربوزہ 30 گرام، تخم کھیرا 18 گرام۔ سفوف بنا کر آدھا چمچ دہی میں بھگو کر صبح والا شام کو اور شام والا صبح استعمال کریں۔

سفوف مغلظ (سمیرا دینا پوری)

بہو پھلی، لاجونتی، سریالہ، سمندر سوکھ، تالمکھانہ، بیج بند، اٹنگن، کشتہ قلعی، ہر واحد 50 گرام، اجوائن خراسانی 10 گرام، کوزہ مصری 200 گرام۔ **خوراک۔** ایک چمچ صبح، شام نیم گرم دودھ سے۔ مولد منی، مغلظ شدید، مادہ کی ہر خرابی دور کرتا ہے، قضیب کو سخت کرتا ہے۔

مسہل 6۔ ملٹھی 120 گرام، سہاگہ سفید بریاں 120 گرام، ریوند خطائی 120 گرام، سقمونیا 50 گرام، ریوند عصارہ 50 گرام۔ چنے برابر گولی صبح، دوپہر، شام۔

مفرح کشنیز برائے کیرا گرمی

خشخاش 50 گرام، تخم خرفہ 30 گرام، کاہو 30 گرام، مغز کدو 120 گرام، مغز کھیرا 30 گرام، مغز خربوزہ 30 گرام، صندل سرخ 20 گرام، صندل سفید 20 گرام، طباشیر 20 گرام، دھنیا دیسی 300 گرام، رُب سیب (سیر سیب 300 گرام، شہد 600 گرام، چینی ڈیڑھ کلو پیس کر شیرا، شہد اور چینی کا قوام تیار کر کے مکس کر دیں۔

اصول معجون/جوارش/لبوب/خمیرہ/شربت

کل وزن دوائی کا 3 گنا وزن چینی آئے گی۔ ایک کلو چینی ڈیڑھ پاؤ پانی۔

ٹنکچر لبلبہ (شوگر کے لیے)

لبلبہ جوان بکرا ایک پاؤ پانی گلو پاؤ، الکوحل آدھا لیٹر ملا کر 10 دن ہلاتے رہیں پھر پن کر ایک چمچ پانی میں ملا کر صبح، شام۔

برائے شوگر اعصابی

کوڑ تمہ 50 گرام، گڑمار بوٹی، جنگلی کریلا، اندر جو تلخ، تخم جامن، افسنتین، ہربڑ کابلی ہر ایک 125 گرام۔ باریک سفوف تیار کر لیں۔ صبح، شام ایک چمچ استعمال کریں۔ دو ہفتے میں ان شاء اللہ علاج ہے۔

نقرس۔ سورنجاں شیریں 90 گرام، ہرڑ جلاپہ 90 گرام، سقمونیا 60 گرام۔ چنے برابر گولی صبح، دوپہر، شام۔

سفوف رسولی اور ورم، رحم کے اندر پانی والی تھیلی۔

سنکھ، ہلدی، ریوند خطائی، ہم وزن باریک کر لیں۔ ایک کیپسول پانچ سو ملی گرام والا صبح، دوپہر، شام یا حسب برداشت۔

اینٹی یورک ایسڈ۔ سلیم سمیرا

نمک بھکڑا، نمک کوڑ تمہ، نمک حرمل، ہر ایک دو تولہ، گندھک آملہ سار 5 تولہ، سورنجاں شیریں 10 تولہ، جمال گوٹہ 1 ٪100 کے حساب سے (یعنی 100 تولہ میں ایک تولہ)

شربت اونٹ کٹارہ

برگ اونٹ کٹارہ 5 گلو، مجیٹھ 5 کلو، چینی 20 کلو۔ شربت تیار کریں۔ دو چمچ صبح، دوپہر، شام عضلاتی دردیں اور ہیپاٹائٹس کو مفید ہے۔

چوٹ کے لیے لیپ۔ لیڈی ڈاکٹر زاہدہ شاہین، بہاول نگر

نمک سیاہ 100 گرام، سجی کھار 50 گرام، میدہ سک 20 گرام، تج 20 گرام، سمندر جھاگ 20 گرام، رتن جوت 20 گرام، مصبر سیاہ 2 تولہ۔ پانی میں ملا کر چوٹ پر لیپ کریں۔

حب سورنجاں ٹنکچر کچلہ والی

سونٹھ 50 گرام، میٹھا سوڈا 50 گرام، سورنجاں شیریں، سورنجاں تلخ، ہر واحد 50 گرام لے کر ٹنکچر میں ملا کر خشک کر لیں۔ پانچ سو ملی گرام صبح، دوپہر، شام (ٹنکچر نکس وامیکا ہومیو پیتھک والوں سے مل جاتا ہے)۔ سالٹ 50 گرام۔

شربت اکسیر السر معدہ

اجوائن دیسی 50 گرام سونف 50 گرام، سنا مکی 25 گرام، دھنیا 50 گرام، سوئے 50 گرام، پودینہ 50 گرام، گل سرخ 50 گرام، نوشادر ٹھیکری 50 گرام، تیز پات 50 گرام۔ **طریقہ کار۔** ادویات کو دو کلو پانی میں دس گھنٹے تک بھگو دیں۔ ابال کر نصف رہنے پر ڈیڑھ کلو چینی کا قوام بنائیں۔ **خوراک۔** 4 سے 5 چمچ نہار منہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

بزوری شربت (بمطابق حاجی سرور صاحب)

جڑ سونف، جڑ کاسنی، ہر واحد 50 گرام، تخم کاسنی، تخم سونف، ہر واحد 50 گرام، بھکڑا 50 گرام، کشوث 25 گرام، مغز بادام 25 گرام، چار مغز 50 گرام۔

شربت اکسیر جگر (بمطابق حاجی سرور صاحب)

گل سرخ 2 تولہ، مکو 2 تولہ، کاسنی 2 تولہ، جڑ کاسنی 2 تولہ، سونف 2 تولہ، جڑ سونف 2 تولہ، تخم کشوث 2 تولہ، ملٹھی 2 تولہ، برگ بانسہ 2 تولہ، گل بنفشہ 1 تولہ، بانسہ، خطمی 1 تولہ، خبازی 1 تولہ، عناب 50 گرام، لسوڑی 50 گرام، چینی ڈیڑھ کلو، کشتہ فولاد 1 تولہ اضافہ کریں۔ شربت کو اکسیر ورم کہنا زیادہ بہتر ہے۔

زیادہ خرابی جگر اور اکسیر جگر کے لیے قلمی شورہ، ریوند چینی، جو کھار ہر ایک 3 گرام کا اضافہ کر دیں۔

دم کیپسول۔ سوم کلپا، میتھی، برگ بانسہ، سونٹھ کاکڑہ سنگی، ہم وزن پانچ سو ملی گرام کیپسول بھر لیں۔

سفوف احمر (بخار کے لیے)

صندل سرخ 750 گرام، پیلا مول 25 گرام، الائچی کلاں 25 گرام، دار چینی 25 گرام، عقر قرحا 25 گرام، سونٹھ 25 گرام، مگھاں 25 گرام، کالی مرچ 25 گرام، لونگ 25 گرام۔

سفوف سجونی (بخار کے لیے)

باؤ برنگ، سونٹھ، کالی مرچ، مگھاں، آملہ، ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، گلو، بھلاوہ بریاں، میٹھا تیلا بریاں ہر ایک 50 گرام۔ تیل میں بھلاوہ کو بریاں کریں۔ میٹھا تیلا کو ؟؟ نغدہ میں بریاں کریں۔

60 نمبر بنانے کا طریقہ۔

میٹھا سوڈا 400 گرام، سفوف سنجونی 20 گرام، سفوف احمر 20 گرام، 4 ملین 100 گرام (قانون مفرد اعضاء 6 میں ہے)۔ **خوراک۔** 3 گرام صبح، دوپہر، شام۔

دردی کے لیے (ڈاکٹر سرور، بہاول نگر)

اسپند سلی سلیک 3 تولہ، میٹر وایسڈ 6 تولہ، تیل سرسوں 9 تولہ۔ مکس کر کے دردی پر لگائیں۔

پھلبہری اور برص

چارے اجوائن ہر ایک 2 تولہ، کلونجی اڑھائی تولہ، دودھ کالی ٹکیری 21 تولہ۔ گولی چنے برابر تیار کریں۔ صبح، شام ایک گولی۔

قرص ملین (سمیرا سلیم، دینا پوری)

تخم حرمل 2 کلو (راقم کے خیال ذاتی میں بھنا ہوا بہتر ہے)، کوڑ تمہ ایک کلو، مصبر سیاہ آدھا کلو، سورنجاں شیریں ایک کلو۔ چنے برابر گولی۔ دو گولی صبح، شام بہترین ملین ہے۔ درد اعصابی اور عضلاتی کو مفید ہے۔ بڑھاپے کا علاج ہے۔

حب امساکی اور محرک اعلی (بذریعہ حکیم محمد یوسف مروٹ)

افیم، شنگرف، سم الفار سفید، ہر ایک 10 گرام، نر چھوہارا کے اندر سے گٹھلی نکال کر بھر دیں اور آٹا لگا کر گرما گرم بھبھل (اک کی راکھ) کے اندر رکھ کر سرخ کر لیں۔ چنے سے کم کالی مرچ سے زیادہ گولی تیار کر لیں۔ بمعہ چھوہارا کوٹ لینا ہے۔ اس میں مزید بہتری کے لیے 10 گرام بیر بھوٹی، جند بیدستر 10 گرام، زعفران 10 گرام، چاندی کا کشتہ 5 گرام کا اضافہ۔

ھوالشافی۔ ہائی بلڈ پریشر (ڈاکٹر مختار پیر محل)

صندل 10 گرام، کالی مرچ 10 گرام، الائچی خورد 40 گرام، صندل 40 گرام، اسطوخودوس 40 گرام، دھنیا 40 گرام، لہسن 40 گرام صاف۔ تمام اشیاء کو باریک کر کے لہسن ملا کر پیس لیں۔ خشک ہونے پر پانچ سو ملی گرام کیپسول صبح، شام استعمال کریں۔

هوالشافی طلائے گل محمد

جائفل، جاوتری، نوشادر، کنگن، کھار، رتن جوت، دار چینی، ہر ایک 50 گرام، تیل سرسوں ڈیڑھ کلو میں جلائیں۔ ٹھنڈا کر کے، تلوں کا تیل پاؤ گرم کریں اور پھر ٹھنڈا کریں، زیتون تیل 100 گرام، مچھلی کا تیل 50 گرام، لونگ کا تیل 50 گرام، سانڈے کا تیل 50 گرام ملا کر پن لیں یا چھان کر محفوظ کر لیں۔ صبح شام مالش کریں۔

ادراری تلخ

اجوائن دیسی، تخم کرفس، افسنتین، پودینہ، برگ سنا مکی، زیرہ سفید، ریوند خطائی، کباب چینی، جو کھار آدھا حصہ، قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری، میٹھا سوڈا، ہم وزن 3 سے 5 گرام صبح، دوپہر، شام۔

ادراری نمبر 1 (ایک ملین)

قلمی شورہ 80 گرام، جو کھار اصلی 20 گرام، نوشادر ٹھیکری 80 گرام، پھٹکڑی بریاں 80 گرام، زیرہ سفید 80 گرام، گیرو انڈیا والا 80 گرام۔

خوراک۔ ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ کچی لسی۔

عضلاتی غدی شربت

دار چینی، جاوتری، لونگ، منقی، خوب کلاں، انجیر، کو کنار، الائچی کلاں، نوشادر، ہر واحد 25 گرام، خولنجاں 30 گرام، سنا مکی 100 گرام، گودا املتاس پاؤ، چینی ڈیڑھ کلو۔ **خوراک شربت۔** بچوں کو چھوٹا چمچ گرام پانی میں ملا کر صبح، دوپہر، شام اور بڑوں کو 2 چمچ۔ تین دنوں میں انفیکشن، ریشہ، بلغم ختم کرے۔ ان شاء اللہ (حکیم کفایت اللہ قمر مشانی، میانوالی)۔

اکسیر جگر سمیرا سلیم دینا پوری، ہیپاٹائٹس B کے لیے

نوشادر، قلمی شورہ، ریوند چینی، زیرہ سفید، ہر واحد 50 گرام، میٹھا سوڈا 25 گام۔ **خوراک۔** ایک گرام صبح، دوپہر، شام۔

ہاضم اکسیر جگر

چھوٹی الائچی، زیرہ سفید، نوشادر، سونٹھ۔ ہم وزن۔ **خوراک۔** ایک گرام صبح، دوپہر، شام ہاضم کے طور پر دیں۔

کمی سپرم (استاد رشید، پتوکی)

سمندر سوکھ 120 گرام، کوزہ مصری 120 گرام، ستاور، لاجونتی، خولنجاں، عقر قرحا، ہر واحد 30 گرام، کالی مرچ 15 گرام۔ **خوراک۔** ایک چمچ دودھ سے صبح، شام۔

قبض کے لیے نسخہ (ڈاکٹر رؤف صاحب، مروٹ)

بغیر چھلکا بھنے ہوئے چنے، گری بادام، گوند کتیرا، ہم وزن باریک کریں۔ ابلتے ہوئے ایک مگ دودھ میں ایک چمچ ملا کر ہلا کر رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر رات کو پی لیں۔ مزاج نسخہ غدی اعصابی ہے۔

بخار کے لیے خاندانی نسخہ (حکیم عبد الستار، خان پور)

ست گلو 250 گرام، الائچی خورد 50 گرام، طباشیر 50 گرام، مغز کرنجوہ 250 گرام۔ **خوراک۔** ایک ماشہ صبح، دوپہر، شام۔ گاؤ دنتی 2 رتی ہر خوراک میں ڈالیں۔ گاؤ دنتی برگ مرار میں کشتہ کی ہو۔

خون روک (بذریعہ حکیم عبد الستار، خان پور)

اکسیر 1، تریاق 1، مانع عضلاتی اعصابی، شربت انجبار، جوارش املی۔

محرک، معلق، مغلظ، مقوی نسخہ (بذریعہ حکیم سلیم دینا پوری)

مالکنگنی 250 گرام، عقر قرحا 250 گرام، موصلی سفید 250 گرام، اسگند 200 گرام، ریگ ماہی 25 مصطگی 25 گرام، سم الفار سفید 5 گرام، شنگرف 5 گرام، چینی 3 کلو۔ **خوراک۔** ایک پونی چمچ صبح، شام ہمراہ دودھ۔

ہیپاٹائٹس C محترم حکیم محمد سلیم سمیرا دینا پور

افسنتین، شاہترہ، زہر مہرہ خطائی۔ آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت دینار۔ چالیس یوم علاج کریں۔

سپرم پرابلم کی صورت

(1)۔ قلت منی۔ عضلاتی غدی یا غدی عضلاتی تحریک میں ممکن ہے۔

تین نمبر تحریک کے لیے 5 شدید، لبوب نمبر 5، سفوف مولد (بیخ بدھارا، اسگند، تودری سفید، مغز کدو، گوند کتیرا، موصلی سفید، الائچی خورد، ہم وزن) چھوٹا چمچ صبح، شام ہمراہ دودھ۔

اگر تحریک نمبر 4 غدی عضلاتی ہے تو اکسیر نمبر 1 سفوف مولد، سفوف سدا جوانی دیں۔ سدا جوانی سفوف (چھلکا اسپغول، مغز بنولہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، ہموزن چمچ، صبح، شام ہمراہ دودھ دیں)

(2)۔ رقت منی۔ رنگ دودھیا نہیں ہوتا، چپچپاہٹ کم ہوتی ہے۔ جراثیم کم اور ڈوب کر مرے ہوئے، اعصابی تحریک کی واضع علامت ہیں، ٹیسٹ میں گلوکوز اور فروکٹوز کی زیادتی ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں مقوی خاص 2 نمبر مقوی اطریفل، شدید نمبر 3 سے فوراً فائدہ ہونا شروع ہو

جاتا ہے۔ رطوبتی غذاؤں سے پرہیز کروائیں۔ دوسری صورت رقت کی غدی عضلاتی تحریک سے ہوتی ہے۔ منی مادہ کا رنگ میلا نما ہوتا ہے۔ مادہ کا ٹمپریچر زیادہ ہوتا ہے۔ جراثیم مردہ نظر آتے ہیں۔ چنانچہ اکسیر نمبر 1 مولد بارد (دھنیا، تخم ریحان، قلمی شورہ، ملٹھی دیں۔ اگر مادہ میں پس سیلز جو کہ مردہ جراثیم ہوتے ہیں۔ حب حیات (بیروزہ، رال سفید، لوبان، صندل سفید، ہم وزن) ایک ماشہ سہ بار یومیہ۔ قرص کافور بھی بہترین دوا ہے۔ (دھنیا، کاہو، سریالہ، تخم ریحان، پھر ایک جز کے وزن کے برابر کافور ملا کر چنے برابر گولی تیار کریں۔ غدی حرارت کو برودت میں لانے کے لیے بہترین مرکب ہے۔

(3)۔ متحرک اجسام کی کمی۔ عموماً اعصابی تحریک میں ہوتا ہے۔ نا مکمل انتشار سرعت انزال، کمی نفوز، مورٹی لیٹی Mortality کم ہو گی۔ جراثیم کی تعداد کم ہو گی۔ 30% سے حمل ہو سکتا ہے۔ اسقاط کا خطرہ ہو گا۔ اس کے لیے عضلاتی اعصابی تحریک پیدا کی جائے۔ ذیل کا نسخہ دیں۔

پوست ہلیلہ، بہمن سرخ، سفید، ستاور، جیا پوتا، ہم وزن کی معجون بنا لیں۔ 6 گرام کھانے سے پہلے صبح، شام کھلائیں۔

(4)۔ جسمی حالت کی خرابی۔ غدی عضلاتی تحریک سے مادہ کے اندر گرمی، حرارت اور جلن ہو گی، جہاں گرے گا، وہاں جلن ہو گی۔ ایسی حالت میں حب حیات، حب بندق، تریاق، اکسیر 1، سفوف سدا جوانی، سوزاکی مادہ کے لیے دی جائے گی۔ دوسری صورت میں آتشکی زہر مادہ کو خراب کر رہا ہے۔ آتشکی مادہ کی خرابی اعصابی تحریک کی وجہ سے ہے۔ کشتہ تیلا، رسکپور، دار چکنا، پھٹکڑی میں تیار شدہ یا اکسیر جدید بہترین حل ہے۔

(5)۔ سپرم کا آپس میں جڑ جانا۔ عضلاتی اعصابی حالت ہے اس کے لیے 3 شدید، 4 اکسیر بہترین حل ہے۔ غذا بھی 3 اور 4 دی جائے۔ حرارت سے اجسام کو کھولا جا سکتا ہے۔

(6)۔ مقدار جراثیم حالت، جراثیم خراب۔ مارفالوجی اور مورٹی لٹی دونوں کی صورت نا مکمل ہوتی ہے۔ عضلاتی مغلظ، حب اسپند، سفوف مولد سے علاج کریں۔

عضلاتی معجون یہ ہے۔ تالمکھانہ، بیج بند، سمندر سوکھ، تخم سریالہ، تخم ریحان، موصلی سفید، سنبھالو، خرفہ، دھنیا، تخم بھنگ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ قلعی۔ شہد سے معجون تیار کریں۔

(7)۔ ایزو سپرمیا۔ زندہ یا مردہ کوئی جراثیم نظر نہ آئے تو ایسی حالت کو ایزو سپرمیا کیا جاتا ہے۔ اس مایوس کن مسئلہ کا علاج بھی عضلاتی تحریک پیدا کر کے ہی کیا جا سکتا ہے۔

پیپر منٹ پھکی

الائچی سبز 10 گرام، کالی مرچ 20 گرام، سماک دانہ 20 گرام، سونٹھ 20 گرام، سہاگہ 20 گرام، دھنیا 50 گرام، زیرہ سفید 50 گرام، پودینہ 100 گرام، گیرو 100 گرام، الائچی کلاں 20 گرام، انار دانہ 20 گرام، سنگ دانہ مرغ 20 گرام، کالی ہریڑ 20 گرام، ست لیموں 20 گرام، سونف 50 گرام، نمک سیاہ 100 گرام، میٹھا سوڈا 100 گرام، ست پودینہ 5 گرام، چینی ایک کلو۔ **خوراک۔** آدھا چمچ سہ بار یومیہ۔ خرابی معدہ، بد ہضمی، ترش ڈکار، قبض وغیرہ کو مفید ہے۔

ہاضم پھکی

آم چور کلو، سرخ رائی کلو، زیرہ سفید 150 گرام، کالی مرچ 100 گرام، نوشادر پھٹکڑی 100 گرام، نمک سیاہ 350 گرام۔

تیزابیت، خرابی ہضم، الٹی، قے وغیرہ، پیپر منٹ پھکی اور ہاضم پھکی ہم وزن ملا کر ایک چمچ صبح، شام دینے سے بے حد مفید رزلٹ آتا ہے۔

معجون طاقت حرارت

چھوہارے 500 گرام صاف کیے ہوئے، تل سفید 250 گرام، مغز بادام 250 گرام، مغز چلغوزہ 250 گرام، الائچی سبز 20 گرام، بھکڑا 500 گرام شہد سے معجون بنائیں۔ **خوراک۔** ایک چمچ صبح، شام ہمراہ دودھ۔ مولد حرارت مقوی مغلظ ہے۔ مزاج نسخہ غدی اعصابی ہے۔

علاج بواسیر

حب بواسیر نمبر 1۔ صبح نہار منہ قبض کی صورت میں دیں۔ اگر قبض نہ ہو تو ہرگز نہ دیں۔

حب بواسیر نمبر 4۔ رات کو دیں۔ ایک گولی دودھ ضرور پلائیں۔

حب بواسیر نمبر 3۔ صبح، دوپہر، شام ایک گولی دیں۔ 5 یوم کی دوائی دیں۔

تفصیلات کے لیے سلیم سمیرا دینا پور

تریاق نزلہ، چھینک، درد، بخار، فوری حل

اسطوخودوس، بادیان خطائی، پپلا مول، گل بنفشہ، گل غافث۔ ہم وزن۔ پہلی خوراک 3 گرام پھر ایک گرام سہ بار یومیہ کر دیں۔

ڈسٹ الرجی

برگ بانسہ، عناب، ملٹھی ہر ایک 50 گرام، کوٹھ شیریں 100 گرام، شربت بنائیں، 3 پاؤ چینی ڈال کر 3 چمچ سہ بار یومیہ 3 ماہ علاج کریں۔

سادہ اعصابی مغلظ (پانچ سال سے معمول مطب ہے)

چھلکا اسپغول 250 گرام، بو پھلی 375 گرام، مغز بنولہ 250 گرام، تخم بھنڈی 500 گرام، سنگھاڑا 500 گرام، لاجونتی 200 گرام، چینی ڈیڑھ کلو۔ **مقدار خوراک۔** ایک چمچ صبح، شام۔ مولد منی، مغلظ منی ہے۔ مادہ کی اکثر خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔

بگڑے ہوئے ٹائیفائڈ کا علاج

نیاز بو (ریحان) کے پتے 25 عدد، کالی مرچ 28 عدد، زعفران ماشہ، باریک کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح، شام 6 دانہ منقی پانی کی پیالی میں ابال کر اس سے دیں۔ بے حد موثر اور آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

درد گردہ، یورک ایسڈ، دل کے بند وال، درد دل کنٹرول

گل برنجاسف، سر پھوکہ، دھماسہ بوٹی، اجوائن دیسی، برگ پودینہ، ملٹھی، ہر ایک 200 گرام، لہسن دیسی، ادرک، بھکڑا، لیموں ہر ایک 300 گرام، پانی 25 کلو، نوشادر 200 گرام، عرق کشید کریں۔ عرق نوشادر پر گرے۔ **خوراک۔** آدھا کپ صبح، دوپہر، شام۔

گنٹھیا، درد جوڑ

سونٹھ، انیسوں، سنا مکی، ہلیلہ زرد، گل سرخ، ٹاٹری، ہر ایک 20 گرام، مغز جمال گوٹہ مدبر 10 گرام، چنے برابر گولیاں تیار کریں۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ گنٹھیا کے علاوہ عمومی دردیں بھی کنٹرول رہتی ہیں۔ پرانی سے پرانی گنٹھیا 4 سے 5 گولی سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

ہائی بلڈ پریشر (حکیم فوجی بابا جنگلات کالونی مروٹ)

کالی زیری ایک پاؤ، لیموں سے تر کریں آدھا انچ اوپر ہو، خشک کریں، تین چار دفعہ ہلاتے رہیں، باریک کر کے 5 گرام کی پڑی صبح، دوپہر، شام (یہ نسخہ میرا مجرب نہیں ہے۔ حکیم محمد اقبال)

ہیپاٹائٹس C کے لیے

شاہترہ، افسنتین، زہر مہرہ خطائی۔ آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت دینار مجرب ہے۔ %100درست ہے۔ ان شاء اللہ۔

اپنڈکس کے لیے

کالی مرچ، قلمی شورہ۔ **مقدار خوراک۔** آدھا چمچ پہلی خوراک 15 منٹ میں ان شاء اللہ درد بند کر دے پھر 2 گرام صبح، دوپہر، شام دیتے رہیں۔

درد گردہ کے لیے

ایک چمچ نمک پانی میں حل کر کے دیں، فوراً درد رک جائے گا، ان شاء اللہ۔ اگر بلڈ پریشر ہائی نہ ہو تو دیں۔

فشارین، ہائی بلڈ پریشر کے لیے

چھوٹی چندن، دانہ الائچی خورد، صندل سفید، ہم وزن سفوف تیار کریں۔ الائچی کا دانہ ڈالنا بہتر ہو گا، ایک ہزار ملی گرام کا کیپسول صبح، شام دس منٹ میں پریشر کم ہو جائے، ان شاء اللہ۔

تریاق بخار اکسیری، ہر قسم کے فوائد

اجوائن دیسی 200 گرام، ہریڑ سیاہ بریاں کلو سے لے کر 750 گرام لے لیں۔ کالی مرچ 25 گرام، نمک سیاہ 50 گرام، اکسیر بخار، ہر قسم کے بخاروں کے لیے چھوٹے چنے کے برابر دیں۔

عضلاتی بخار کے لیے۔

4 ملین یا تریاق معدہ غدی ہاضم سے جب کیفیت عضلاتی اعصابی ہو غدی عضلاتی تحریک میں غدی ہاضم سے۔ اعصابی تحریک کے بخار کو 3 شدید سے دیں۔ ان شاء اللہ بخار جڑ سے ختم ہو گا۔

ھوالشافی۔ شربت صافی، برائے خارش صفراوی

عناب، انجبار، دونوں آدھا پاؤ، گورکھ پان ایک چھٹانک، منڈی بوٹی ایک چھٹانک، شاہترہ 1 چھٹانک، نیلوفر ایک چھٹانک، سونف ایک چھٹانک۔ کوٹ کر بھگو دیں۔ صبح مل کر چھان لیں پھر چینی ملا کر شربت بنائیں۔ **خوراک۔** دو چمچ صبح نہار منہ پانی میں ڈال کر۔

سفوف جلن، ساڑھ فوری ختم

دھنیا، تخم کنوچہ، الائچی خورد ہر واحد 200 گرام، گوند کتیرا 100 گرام۔ **خوراک۔** تین گرام سہ بار یومیہ۔

شفائے کان، درد، پھوڑا، پھنسی، چندری

پھل کندیاری تین دانہ، برگد کی کونپل ایک تولہ، سفید پیاز کوٹ کر ڈال دیں۔ بولا گندھا کا جڑ گھمس بھی کہتے ہیں۔ اجوائن دیسی ہم وزن لے کر تیل پاؤ سرسوں کا جلا لیں۔ نیم گرم کان میں چند قطرے ڈال دیں۔

مضبوط بالوں کے لیے روغن

آملہ 50 گرام، پوست ریٹھا 100 گرام، سکا کائی 25 گرام، میتھی کے بیج 25 گرام، روغن بنولہ یا کھانے کا تیل ڈیڑھ کلو۔ تمام چیزیں پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح کھانے کا تیل ملا کر آگ پر رکھ دیں۔ جھاگ ختم ہونے پر اتار لیں۔ پن کر محفوظ کر لیں۔ 24 گھنٹے بعد لگائیں۔

نسخہ بابا جی ارشد شاہ جنات برائے سوزش معدہ

کالی مرچ، سونف، خشخاش، کوزہ مصری ہر واحد 50 گرام الائچی چھوٹی ایک تولہ۔ باریک کر کے آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد۔

نوٹ۔ کالی مرچ 10 گرام ہونی چاہیے، ملٹھی 50 گرام کا اضافہ کریں، پودینہ 50 گرام ڈالیں، کالی مرچ 50 گرام زیادہ ہے جلن کرے گی۔ حکیم اقبال کی ذاتی رائے ہے۔

درست نسخہ اس طرح سے ان شاء اللہ ہو گا۔

کالی مرچ 10 گرام، سونف 50 گرام، خشخاش 50 گرام، کوزہ مصری 50 گرام، الائچی خورد 10 گرام، پودینہ 50 گرام، ملٹھی 50 گرام، زیرہ سفید 50 گرام۔ **خوراک۔** صبح، دوپہر، شام ایک چمچ ٹھنڈے دودھ کے ساتھ استعمال میں لائیں۔

زبان کی لکنت

مغز جائفل، جاوتری، نوشادر، عقر قرحا، کالی مرچ، قلمی شورہ۔ ہم وزن پیس لیں۔ شہد سے معجون کریں۔ زبان کے نیچے ایک ماشہ رکھیں۔ تین دن میں ان شاء اللہ زبان کی لکنت درست ہو جائے گی۔

درد جوڑ

سونٹھ، ثنا مکی، بھکڑا، کلونجی۔ تمام اشیاء باریک کر کے آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام گرم دودھ سے۔

دافع بھگندر و بواسیر

رسونت 250 گرام، گوگل زرد 125 گرام، چھلکا ریٹھا 125 گرام، گندھک آملہ سار 75 گرام، تخم بکائن 50 گرام، تخم چاکسو 50 گرام، سرمہ سیاہ 50 گرام، مصبر 40 گرام، سہاگہ بریاں 40 گرام۔ سرمہ کو آب مولی میں چمک ختم ہونے تک کھرل کریں۔ پھر تمام سفوف کو ملا کر آب ترب/مولی اتنا ڈالیں کہ ایک انگلی اوپر آ جائے۔ خشک ہونے پر نخودی گولی تیار کریں۔ صبح، شام ایک کیپسول پانچ سو ملی گرام صبح، شام لیں۔ حکیم اقبال کی ذاتی رائے ہے)۔

مرہم کافوری

روغن تل 50 گرام، موم دیسی 10 گرام، سفیدہ کاشگری 10 گرام، کتھ 10 گرام، مردار سنگ 10 گرام، کافور 50 گرام، دو عدد انڈوں کی سفیدیاں۔ طریقہ۔ روغن اور موم کو پگلا کر سفوف ملا کر مرہم تیار کریں۔ مسوں پر لگائیں۔

حب ممسک طاقتور

بھنگ، اجوائن خراسانی، کوکنار، حرمل ہر ایک پاؤ کا رب تیار کر لیں۔ رب ہذا۔ افیم، جائفل، عقر قرحا، شنگرف، تخم ریحان، ہر واحد 10 گرام، زعفران تین گرام۔ گولی نخودی تیار کر لیں۔ ایک گولی دودھ سے شام کو استعمال کرائیں۔

بواسیر

تخم نیم، تخم بکائن، گوگل زرد، چھلکا ریٹھا ہر ایک 20 گرام، رسونت 80 گرام، چاکسو 40 گرام، مصبر 20 گرام، سہاگہ سفید 50 گرام، گندھک آملہ سار 50 گرام۔

جگر

خبث الحدید، پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، پوست آملہ، ہر واحد پاؤ۔ زعفران 2 تولہ تمام کو باریک کریں۔ دو کلو دہی ملا کر خشک کر لیں۔ روزانہ ہلاتے رہیں پھر خشک ہونے پر 2 کلو دہی خشک کریں۔ من دہی تک جا سکتے ہیں۔ کم از کم 4 کلو ہو تر کٹہ ہر واحد 3 تولہ ڈالیں۔

خوراک۔ ایک سے تین گرام تک صبح دہی سے اور رات کو شربت دینار سے دیں۔ ڈیڑھ ماہ میں نتیجہ ان شاء اللہ بہترین برآمد ہو گا۔ کمی خون کے لیے 24 گھنٹہ میں ایک خوراک کافی ہے۔ تر کٹہ۔ مگھاں، سونٹھ، کالی مرچ کو کہتے ہیں۔

سفوف محرک خاص

خراطین صاف شدہ، تخم پیاز، تخم گاجر، ثعلب مصری، موصلی سفید، عقر قرحا، ہر واحد 50 گرام، مر مکی 30 گرم، بیر بہوٹی (بریاں دیسی گھی) 20 گرام، لونگ 20 گرام، دار چینی 20 گرام، مغز بادام پاؤ، مغز چلغوزہ پاؤ، مغز پستہ آدھا پاؤ، کوزہ مصری ایک کلو۔ تمام کو باریک کریں۔

خوراک۔ ایک تولہ صبح، شام ہمراہ دودھ کے ساتھ۔ از حد مقوی و مغلظ خاص ہے۔

اکسیر رسولی اور گلٹی

دار چکنا 3 گرام، عرق گلاب 50 گرام میں کھرل کر کے تخم سرس پاؤ ملا کر باریک کریں۔ مثل غبار ہونے پر پانچ سو ملی گرام کیپسول صبح، شام ہمراہ آب تازہ سے دیں۔ 7 یوم سے 21 یوم تک علاج مکمل ہو جاتا ہے۔ ناسور، گلٹی، رسولی پر کام کرتا ہے۔

سفوف موٹاپا

کلونجی، اجوائن دیسی، میتھے، چھلکا اسپغول، سبز چائے برابر برابر وزن باریک کر کے آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق چو عرقہ سے دیں۔ طریقہ۔ تمام اجزاء کو باریک کر کے آخر میں چھلکا اسپغول ملا دیں۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے استعمال سے بغیر تکلیف کافی فرق ہو جاتا ہے۔

تریاق سودا

اجوائن دیسی، سنا مکی ہر واحد 50 گرام، نمک سفید 30 گرام۔ **خوراک۔** آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام۔

مصفین اعلیٰ

گندھک آملہ سار 180 گرام، پارہ صاف 20 گرام، کجلی تیار کریں۔ قلمی شورہ 3 پاؤ، گیرو پاؤ ملا لیں۔ ایک ماشہ صبح، شام۔

سفوف سیلانی

کشتہ بیضہ مرغ آدھا کلو، کشتہ صدف آدھا کلو، پھٹکڑی بریاں ایک کلو، بہیڑہ کلو، کاٹو سپاری آدھا کلو، ماجو پاؤ، موچرس پاؤ، سبز ہریڑ 3 پاؤ، بھاٹا آدھا کلو، گل دھاوا آدھا کلو، اسگند ناگوری کلو، کمر کس آدھا کلو، لودھ پٹھانی آدھا کلو، مائیں آدھا کلو، سک آنار کلو، گیرو کلو۔ 700 ملی گرام والا کیپسول صبح، شام ہمراہ کھٹی لسی۔ صبح، شام دیں۔ لیکوریا، درد کمر، معین حمل، فلیجل گولی کے قائم مقام ہے۔

درد کمر کے لیے لاجواب

اسگند، بدھارا، بھکڑا، مغز بادام، مغز اخروٹ، منقی، ناریل، سونٹھ۔ ہم وزن کوٹ کر چھان لیں اور اس میں شہد ملا لیں۔ ایک چمچ صبح، شام ہمراہ دودھ دیں۔ ان شاء اللہ سینکڑوں مریضوں پر آزمایا ہوا ہے۔ یہ نسخہ بہترین ہے۔ اس کا مزاج غدی اعصابی مقوی ہے۔ عضلاتی مریضوں کو جن کے پٹھوں میں کھچاؤ ہو مفید ثابت ہوا ہے۔ مقوی معدہ اور کسی حد تک مغلظ بھی ہے۔

تیل اوجاع مجرب

تیل سرسوں 300 گرام، مٹی کا تیل 50 گرام، تیل تارپین 50 گرام، امرت دھارا 20 گرام، سپرٹ 50 گرام۔ باہم ملا کر مالش کریں۔ سکون ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

اسقاط حمل

سونف 80 گرام، الائچی کلاں 20 گرام، کشتہ سنگ جراحت 20 گرام، گل کیکر 80 گرام، کوزہ مصری 80 گرام، کوئلا پتھر 20 گرام، مروارید 3 گرام۔ عرق گلاب سے کھرل کر کے سفوف تیار کریں۔ **خوراک۔** پہلے ماہ صبح نہار منہ 6 گرام 3 ماہ مکمل پر 9 یوم پھر کھلائیں۔

موٹاپا اعصابی

ہیرا ہینگ، نوشادر ٹھیکری، افسنتین، تخم مولی۔ ہم وزن لے کر بڑے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح، ایک شام ہمراہ دودھ۔ مہینہ بھر استعمال کریں۔ نوٹ۔ ہینگ 3 ماشہ ہی کافی ہے۔ برابر وزن برداشت نہ گی (حکیم اقبال کی اپنی رائے ہے)

حب صافی، خرابی خون، بھگندر، رسولی

چھلکا ریٹھا 100 گرام، گندھک آملہ سار 100 گرام، رسکپور 10 گرام، چنے برابر گولی صبح، شام۔ دو ہفتوں میں سیاہیاں، چہرہ، پھوڑا، پھنسی مکمل ان شاء اللہ علاج ہے۔

علاج موٹاپا بذریعہ سلیم سمیرا

آب اکاش بیل 200 گرام، پتے افسنتین 100 گرام، نمک سیاہ 90 گرام، دانہ الائچی خورد 70 گرام، سوڈا بائی کارب 20 گرام، ہیرا ہینگ ٹاپ کلاس 2 گرام۔ تمام چیزیں باریک کر کے خشک کر کے ایک ہزار ملی گرام کے کیپسول بھر دیں۔ صبح، شام ایک کیپسول استعمال میں لائیں۔ نوٹ۔ اگر مریض کو قبض ہو تو تربت سفید، سونٹھ ہم وزن کا سفوف ایک چمچ رات کو دے دیں۔ سدے وغیرہ تو ایک ہی خوراک سے کھل جاتے ہیں۔ قبض کا حیران کن رزلٹ ہے۔

برقی ہاضم بذریعہ مولانا محمد بشیر صاحب

پودینہ 5 چھٹانک، میٹھا سوڈا نصف چھٹانک، آم چور پاؤ، چائنہ نمک تین چھٹانک، نمک سانبھر دو چھٹانک، نمک سیاہ دو چھٹانک، ٹاٹری تین چھٹانک، اجوائن دیسی 2 چھٹانک، سونف پانچ چھٹانک، کالی مرچ 2 چھٹانک، سونٹھ پاؤ، انار دانہ پاؤ، آملہ پاؤ، بہیڑہ پاؤ، ہریڑ پاؤ، گل مدار پاؤ، ہرڑ جلاپہ آدھ پاؤ۔ آدھی چمچ استعمال کریں۔

گلھڑ، عظم غدہ ورقیہ

گردن کی اگلی طرف ہوا کی نالی کے بالائی حصہ کے سامنے گلٹی ہے جس کا وزن تقریباً 50 گرام ہوتا ہے۔ تھائی ساکین ہارمون پیدا کرنا مقصد ہے۔ عضلاتی اعصابی تحریک کے سبب مواد خارج کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ علاج کے لیے مسلسل غدی اعصابی شدید، عضلاتی سوزش والا نسخہ دیں۔ مسلسل استعمال نفع بخش ہے، اگر زیادہ بڑھ گیا ہو تو آپریشن بہتر ہے۔ کینسر میں تبدیل ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

شرکی امراض کی علامات

شرکی علامات کا وجود مفقود ہے۔ دراصل یہ امراض کی علامات ہوتی ہیں جن کو امراض تصور کیا گیا ہے۔

(1)۔ مثلاً اعصابی امراض میں رطوبت کی زیادتی، سوزش کی تمام علامات مثلاً دماغ، ناک، مثانہ، میں بے چینی، خارش بڑھ کر درد کی صورت بن جاتی ہے۔

(2)۔ اسی طرح غدی امراض میں حلق، گلا، پیشاب میں جلن اور شدت میں درد تک۔

(3)۔ اسی طرح عضلاتی مسائل میں قلب و تشنج معدہ، جوڑوں میں خشکی، ہوا اور ریاح بڑھ کر درد کا سبب بنتی ہیں۔

یہ رہنما اصول کامیاب علاج کے لیے ہیں۔

ڈیپریشن، خفقان صفراوی کا علاج

(1)۔ دس دن تک خالص گلقند کھلائیں۔ صبح، شام 50 گرام۔

(2)۔ دماغی سکون کے لیے گل گڑھل، برگ بادر نجبویہ، چھوٹی چندن، ہم وزن پانچ سو ملی گرام کا کیپسول ہمراہ عرق ابریشم یا عرق گلاب صبح، شام دیں۔

(3)۔ انسومنیا کی طرز پر مغز کدو، زیرہ سفید، ہر ایک 40 گرام، دھنیا، خشخاش ہر ایک 20 گرام، گلوکوز 100 گرام (گلوکوز ڈی 100 گرام) کا اضافہ کریں۔ ایک چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

(4)۔ معجون مفرح ذیل والی دو گرام صبح، شام دل کے شرکی اعصاب کو طاقت ور کر کے اس کیفیت سے مریض کو نکال لائے گی۔

معجون مفرح۔ صندل کہربا شمعی، ناریل دریائی، کشتہ مرجان ایک تولہ، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ، دھنیا، گاؤ زبان ہر واحد دو تولہ، ورق نقرہ مناسب، یاقوت، یشب، عقیق ہر ایک 6 گرام کا معجون تیار کریں۔ آدھی چمچ صبح، شام دیں۔

(5)۔ نیند کے لیے تریاق نمبر 1 دیں۔

(6)۔ مالش سر۔ روغن کدو، روغن کاہو، روغن خشخاش، روغن بادام کی سر میں مالش کریں۔ مریض کی مٹھی چاپی کریں۔

تیل گرم

جائفل 100 گرام، ڈوڈا 100 گرام، لہسن پوتھی 100 عدد، پیاز 2 عدد، تارپین تیل 200 گرام، چربی شیر 200 گرام، دار چینی 100 گرام، سہانجنا کے پتے پاؤ۔ ڈیڑھ کلو میٹھے تیل میں جلا لیں۔ آخر میں زیتون کا تیل 200 گرام اور تارپین کا تیل ملا لیں۔ تارپین اور زیتون کو نہیں جلانا۔

سفوف مغلظ (بذریعہ ڈاکٹر افتخار، پیر محل)

ثعلب مصری 60 گرام، ثعلب پنجہ 60 گرام، موصلی سفید 60 گرام، منقی 125 گرام، مغز مونگ پھلی 100 گرام، ناریل 60 گرام، چھوہارا بغیر گٹھلی 100 گرام، کشمش 100 گرام، مغز اخروٹ 100 گرام، مغز پستہ 100 گرام، مغز بادام 100 گرام، چینی یا گلوکوز 250 گرام۔ تمام کو باریک کریں۔ ایک تولہ صبح، شام نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

خارش کے لیے مالش

گندھک، یورک ایسڈ، زنک آکسائیڈ، سیندور، کمیلہ، مرداسنگ، ڈیٹول ہر واحد ایک تولہ۔ ویسلین ایک پاؤ۔ رات کو ماش کریں۔ صبح کپڑے دھونے والے صابن سے نہائیں۔ (یورک ایسڈ کھل کیا ہوا اور سہاگہ سفید ہے)۔

عضلاتی اعصابی گنٹھیا+R.A فیکٹر

تخم حرمل، آک کی جڑ، آکسن بوٹی کی جڑ، کوڑ تمہ کی جڑ، گوگل (ببیسنہ صاف گوند)، سونٹھ، کڑو، کالی جیری، سک سہانجنا، شہد کی مدد سے گولی بنا لیں۔ درد جوڑ، بند ڈیٹ، رسولی، قوت باہ پر رزلٹ۔ ان شاء اللہ۔ گولی چنے برابر صبح، شام ہمراہ چائے۔

حب انقلاب جدید

ریوند عصارہ، سقمونیا، غاریقون، تربت سفید، ست ملٹھی، مصبر، گوگل زرد۔ ہم وزن باریک شدہ۔ **خوراک۔** ایک رتی صبح، شام۔ ساتھ میں تریاق معدہ ایک ماشہ دیں۔

جادو توڑ دھونی

اول و آخر درود ابراہیمی 11 مرتبہ۔ سورۃ الفاتحہ 3 مرتبہ، سورۃ الاخلاص 3 مرتبہ، آیت الکرسی 3 مرتبہ، سورۃ المزمل 11 مرتبہ، سورۃ الناس 11 مرتبہ۔ گوگل 2 تولہ، اجوائن 5 تولہ، پھونک مار کر شام کو دھونی دیں۔ 3 دن میں واضع فرق ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

نسخہ سفوف ہاضم (بابا جی محمد یوسف رحمتہ اللہ علیہ)

سونف 3 کلو، ست لیموں 50 گرام، انار دانہ کلو، کالی مرچ 200 گرام، زیرہ سفید پاؤ، نوشادر ٹھیکری 100 گرام، سونٹھ 100 گرام، ہرڑ جلاپہ 50 گرام، کالا نمک کلو، چارے اجوائن پاؤ، چھلکا ہریڑ سبز 2 کلو، آملہ پاؤ، بہیڑہ آدھا کلو، آم چور 2 کلو، نمک سفید 200 گرام۔

خوراک۔ آدھا چمچ کھانے کے بعد۔

دانتوں کے لیے (باباجی محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ)

سک کیکر کلو، پھٹکڑی سفید بریاں 2 کلو، لال پھٹکڑی 2 کلو، بھاٹا 3 کلو، نوشادر ٹھیکری 4 کلو، لونگ 100 گرام، الائچی 3 تولہ، ست لیموں 2 تولہ، عقر قرحا 50 گرام، ماجو 100 گرام، ہربڑ پاؤ، مائیں خورد آدھا کلو، دار چینی 100 گرام، طباشیر آدھا کلو، سفید نمک 100 گرام، سک انار پاؤ۔

طلائے عارف، دنیا پوری

لونگ، عقر قرحا، بیر بہوٹی، ہر ایک 10 گرام، کچلہ مدبر 3 گرام، مغز جمال گوٹہ 4 دانے، ویسلین 100 گرام۔

برائے شوگر

کلونجی، ترپھلہ (پوست آملہ، پوست بہیڑہ، پوست ہربڑ۔ ٹوٹل 125 گرام)، اندر جو تلخ، بادیان، گڑ مار بوٹی، ہر واحد 125 گرام، کالی مرچ 30 گرام، چھوٹی الائچی 30 گرام۔ **خوراک۔** 1 سے 3 گرام بعد از خوراک۔

مرہم خارش

گندھک، نیلا تھوتھا، کافور، بابچی، مرداسنگ، ہر واحد 10 گرام، ویسلین 250 گرام۔ باریک کر کے مکس کر لیں۔

شوگر کیپسول 250 نمبر۔ رانا رفیق دار الاحسان FAD

حرمل بھنی ہوئی، سونٹھ، گڑ مار بوٹی۔ ہم وزن پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ صبح، شام ایک کیپسول استعمال کریں۔

موٹاپا نل یقینی

شلجم، حنظل، سونٹھ، حرمل بریاں، مصبر زرد۔ ہم وزن پرانے گڑ کی مدد سے کالے چنے برابر ایک گولی صبح، شام ہمراہ پانی۔ (استاد محترم حکیم میاں رشید احمد، بدر کالونی، پتوکی)

بواسیر مجرب

سہاگہ سفید بریاں، قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری، ہر ایک 10 گرام، گندھک آملہ سار 30 گرام۔ باریک کر کے آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام۔ ہمراہ پانی۔ (بذریعہ حکیم رشید احمد، پتوکی)

شوگر مفید

شاہترہ، کرائتہ، چرائتہ، گٹھلی جامن، لوکاٹ، گڑ مار بوٹی ہر واحد 50 گرام، کشتہ مرجان، کشتہ بیضہ مرغ، عقیق، فولاد، چاندی ہر ایک 10 گرام۔

خوراک۔ آدھی چمچ صبح، شام۔ (بذریعہ رانا رفیق، انجن والے، مروٹ 03003936386)۔

شوگر انسولین سے چھٹکارا۔ ان شاء اللہ

افسنتین کے پتے، کالے جو انڈین، دیسی چنے کالے بھنے ہوئے، بادام کی گری، ہر واحد 50 گرام، چارے مغز 250 گرام، جنگ ہریڑ 25 گرام۔ **خوراک۔** ایلو پیتھک گولی سے شوگر کنٹرول کرنے والوں کے لیے چوتھائی چمچ صبح، دوپہر، شام۔ انسولین لگانے والوں کے لیے آدھی چمچ صبح، دوپہر، شام۔ (بذریعہ رانا رفیق، انجن والے، مروٹ 03003936386)۔

گلا خراب

الائچی خورد، کالی مرچ، ملٹھی، ناگر موتھا، خولنجاں، ہر واحد 10 گرام، کوزہ مصری50 گرام، شہد سے نرم کر لیں۔ آدھا چمچ صبح، شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

جراثیم کی افزائش کے لیے مجرب

اسپند نیم بریاں 100 گرام، خراطین صاف 50 گرام، کوٹھ شیریں 50 گرام، باریک کر کے خشک کر لیں۔ بڑے کیپسول 700 ملی گرام صبح، شام ایک کیپسول ہمراہ نیم گرام دودھ سے۔ مردانہ طاقت کا سر چشمہ، کامل انتشار، مادہ کو گاڑھا کرنے کے ساتھ ساتھ جراثیم پیدا کرتا ہے۔ عضلاتی غدی غذا دیں۔ مادہ منی میں بو پیدا ہونے پر جراثیم چیک کرائے جائیں۔ تین ہفتہ علاج جاری رکھیں۔

معجون انتشار

عقر قرحا، مصطگی رومی، جائفل، جاوتری، لونگ، تج، سنگھاڑا، ہر ایک 10 گرام۔ سفوف تیار کریں۔ شہد سے معجون کر لیں۔ آدھی چمچ صبح، شام۔

منہ کے چھالے

کیکر کا سفید سک 2 سے 4 سک (تولہ 2 تولہ)، پھٹکڑی سفید آدھا تولہ، ایک گلاس پانی میں ابال کر نیم گرم غرارے کریں۔

ہومیو قطرے۔ اینٹی کراوڈ 12 نمبر قطرے 7 یوم علاج کریں۔ ان شاء اللہ مکمل فائدہ ہو گا۔

ہیپاٹائٹس C کے لیے

(1)۔ غدی اعصابی اکسیر 500 ملی گرام صبح، دوپہر، شام۔

(2)۔ غدی اعصابی ملین 500 ملی گرام صبح، دوپہر، شام۔

(3)۔ سفوف سوڈا منٹ ایک ماشہ۔

(4)۔ محرک 6 ایک ماشہ تین بار یومیہ۔

(5)۔ عرق کاسنی، عرق مکو ملا کر ایک کپ صبح، دوپہر، شام۔

سوڈا منٹ۔ میٹھا سوڈا ڈیڑھ کلو، ست پودینہ 50 گرام، سوڈا منٹ ایک حصے، محرک چھ 4 حصے۔

نسخہ معدہ (نذیر احمد پیر بھائی)

اسطوخودوس 35 گرام، فلفل دراز 15 گرام، مغز بادام 50 عدد، خشخاش 15 تولہ، دھنیا 7 تولہ، زوفا 35 گرام، کوزہ مصری 7 چھٹانک، الائچی خورد 15 گرام، سونف بس 7 تولہ، باریک کر کے 7 پڑیاں تیار کریں۔ رات کو مٹی کی ڈولی میں بھگو کر صبح مل کر اور چھان کر پی لیں۔

سفوف کبوتر

چارے اجوائن ہر ایک پاؤ، سونٹھ پاؤ، کبوتر 5 عدد گل حکمت کر کے ہانڈی میں آگ دے دیں۔ سیاہ رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا۔ فالج، لقوہ، حرارت کی کمی کو مفید ہے۔

سفوف طباشیر

طباشیر 5 گرام، قلمی شورہ 10 گرام، جو کھار 10 گرام کشتہ بیضہ مرغ 5 گرام۔

سفوف سپرم حکیم عبد الستار، خانپور

موصلی سفید آدھا پاؤ، سپاری چھوٹی آدھا پاؤ، داڑھی برگد 25 گرام، چھلکا اسپغول 25 گرام، چھوٹی الائچی 12 گرام، ستاور 12 گرام، موصلی سیاہ 12 گرام، گوند کیکر 12 گرام، تج 12 گرام، پھلی کیکر 12 گرام، گھی 500 گرام، کھویا 500 گرام، چینی 500 گرام، بادام 100 گرام۔ **خوراک۔** ایک چمچ صبح، ایک شام۔

سفوف ڈاکٹر عارف

شقاقل مصری آدھا کلو، چھلکا اسپغول آدھا کلو، چارے گوند ہر ایک 120 گرام، مغز بنولہ 100 گرام، املی کلاں 8 دانے۔ ایک چمچ کی کھیر صبح، شام۔

سفوف کھیر حکیم عبد الستار، خانپور

لاجونتی، تخم سلارہ، بیج بند، موچرس، سمندر سوکھ، سنگھاڑا، تالمکھانہ، گل انار، پھلی کیکر، گوند کیکر، گوند کتیرا، چھلکا اسپغول، ہر ایک 50 گرام۔ کل دوائی کے برابر چینی ملا دیں۔ صبح شام کھیر پکا کر ایک چمچ کھائیں۔

بچوں کی خرابی پیٹ

ریوند خطائی 10 گرام، نر کچور 10 گرام، سوڈا میٹھا 5 گرام، پوست ہریڑ 5 گرام۔ مروڑ سے پاخانہ، نیند سے اٹھ جانا۔ ایک رتی عرق چہار کے ساتھ یا عرق سونف سے دیں۔ بذریعہ حکیم کفایت اللہ قمر مشانی، میانوالی۔

شوگر بذریعہ فرید303ایچ آر۔

صفحہ نمبر 8 پر کلونجی والا نسخہ استعمال کریں۔

معدہ بلڈ پریشر کے لیے مزید313دیں۔

کلونجی، سونف، اجوائن، ملٹھی، دھنیا۔ ہم وزن 3 گرام کھانے کے بعد۔

تریاق کنیر

اسارون، چرائتا نیپالی، بیکن بوٹی (بیوکٹی ہوئی) سدا بہار سفید، ہلدی۔ ہم وزن 500 ملی گرام صبح، دوپہر، شام۔

تریاق گردہ

نوشادر ٹھیکری، سہاگہ بریاں، سجی کھار، ہر ایک 10 گرام، تخم بکائن، تخم نیم، ہر ایک 20 گرام، سنگ یہود، الائچی کلاں، قلمی شورہ ہر ایک 30 گرام۔ ایک سے دو گرام صبح، دوپہر، شام۔

سوزاک، خون روکنے کے لیے، خونی پیشاب، ٹھنڈک پیدا کرنے کے لیے اور گرمی دور کے لیے

کشتہ قلعی، ست بیروزہ، سرد، چینی، قلمی شورہ، طباشیر، کول ڈوڈا، الائچی خورد، ہر ایک 10 گرام، کوزہ مصری 100 گرام۔ تمام کو باریک کر کے آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ کچی لسی۔

تل دھات

شنگرف، پارہ، سنکھیا، ہڑتال ورقیہ ہر ایک 10 گرام، تیزاب گندھک 100 گرام۔ آگ پر باریک کر کے رکھ دیں۔ ہلکی آگ ہو، دھوئیں سے بچیں۔ دھواں موقوف ہونے پر اتار کر باریک کر لیں۔ اخروٹ کے برابر مکھن کے ڈلے میں ایک رتی رکھ کر رات کو دودھ سے نوش کریں۔

ہاضم باجوڑ

زیرہ سفید، کالی مرچ، نوشادر، سونٹھ، سونف، ہر واحد پاؤ، میٹھا سوڈا 2 کلو، روغن بادیان، ست اجوائن، ست پودینہ ہر ایک 6 گرام مکس کریں۔ باریک کر کے آدھا چمچ ہاضم کے طور پر دیں۔ نتیجہ خود نوٹ کریں۔

بے نامی نسخہ

زعفران 10 گرام، کشتہ چاندی 3 گرام، ریگ ماہی 25 گرام، جاوتری 15 گرام، جائفل 10 گرام، سمندر سوکھ 10 گرام، جواہر مہرہ سوا ماشہ، ورق طلا 2 ماشہ، پان انڈین کے پتے 200 گرام، کچی افیم 10 گرام۔

پت کے لیے

انسٹازن (Instazin 10mg Tablet) گولی صبح، شام، ڈوکی کیپسول صبح، شام۔

ہیپاٹائٹس کے لیے رہنمائی، حکیم ملک محمد حسین

اکسیر ورم، اکسیر جگر، غدی اعصابی ملین دیں۔ بطور اکسیر جگر یہ دیں۔ ریوند خطائی، میٹھا سوڈا، نوشادر، قلمی شورہ۔ ہم وزن ایک سے دو ماشہ تک حسب برداشت مریض کو دیں۔ ایک ہیپاٹائٹس +C کا مریض تھا لیکن تحریک عضلاتی اعصابی تھی، عضلاتی غدی شدید (تین شدید)، تریاق معدہ، چار ملین ملا کر دیا۔ مروڑ ہونے پر پانچ ملین دیا۔ چند دن بعد ٹیسٹ کلیئر تھا۔

حب گنٹھیا

کالی مرچ، سونٹھ، برگ مدار، پپلا مول۔ چھوٹے کیپسول بھر لیں۔ ہمراہ سورنجاں شیریں، اسگند ناگوری، سونٹھ، اجوائن خراسانی، حرمل، کوزہ مصری۔ نخودی گولی/ایک کیپسول/ایک گولی۔

بے نامی نسخہ

سم الفار سفید، پیلی، سیاہ ہر ایک 5 ماشے، ہڑتال ورقیہ پرانی 5 ماشے، شنگرف 5 ماشے، پارہ 5 ماشے معقبا، گندھک آملہ سار 10 تولے، پلی زگ 3 پاؤ، دوسرے آدھا کلو، نیری آدھا کلو۔

مسلسل بول بستری

خولنجاں، جاوتری، کندر سفید ہر ایک 50 گرام۔ **خوراک۔** آدھا ماشہ تا ایک ماشہ تین بار پانی سے۔

برائے گیس، قبض، معدہ۔ بذریعہ حکیم عبد الرزاق صاحب ماسٹر

سورنجاں شیریں 50 گرام، سورنجاں تلخ 50 گرام، کشتہ فولاد 25 گرام، مصبر 20 گرام،پیلو کا پانی 100 گرام۔

سخت قبض

برادہ گری پاؤ، مغز جمال گوٹہ اڑھائی تولہ کھرل کریں۔ ڈبے مین بند کریں۔ سخت قبض کو ایک چمچ چائے یا دودھ سے، دل گھبرائے تو میٹھا پانی پی لیں۔ بارش گرمی کو پانی میٹھا ہی پینا ہے۔ سادہ پانی گھڑے کا، نرم غذا کھچڑی وغیرہ کھائیں۔ تین حاجتوں پر بند کر دیں۔

یحیی خان، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، شور کوٹ، شیر آباد، قوم وزیر سرکی خیل

کینسر کی تکلیف۔ کالی مرچ 50 گرام، ہلدی 100 گرام۔ طریقہ۔ ہلدی اور کالی مرچ گھسا کر اوپر لگائیں، 3 دانے کالی مرچ کھانی ہے۔ حمل والی عورت نہ کھائے۔

ختم شد